صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 15 اپریل 2004ء بمطابق 24 صفر 1425 ہجری صبح دس بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہان خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ وَجِلَتْ قُلُوْبُھُمْ وَاِذَا تُلِیَتْ عَلَیْھِمْ اٰیٰتُہٗ زَادَتْھُمْ اِیْمَانًا وَّعَلٰی رَبِّھِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ O الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ O اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا لَھُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ وَمَغْفِرَۃٌ وَّرِزْقٌ کَرِیْمٌ۔

(ترجمہ): مومن وہ ہیں کہ جب خدا کا ذکر کیا جاتا ہے تو انکے دل ڈر جاتے ہیں اور جب انہیں اسکی آیتیں پڑھکر سنائی جاتی ہیں تو انکا ایمان اور بڑھ جاتا ہے۔ اور وہ اپنے پرودگار پر بھروسہ رکھتے ہیں اور وہ جو نماز پڑھتے ہیں اور جو مال ہم نے انکو دیا ہے۔ اسمیں سے نیک کاموں میں خرچ کرتے ہیں۔ یہی سچے مومن ہیں۔ اور انکے لئے پرودگار کے ہاں بڑے درجے، بخشش اور عزت کی روزی ہے۔ وآخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر! ما ته اجازت دے ؟

جناب سپیکر: بشیر احمد بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! ستاسو ډیر زیات مشکور یمه سپیکر صاحب۔ دا بجټ جوړیږی، نن سبا پرې لګیا دی میټنګونه کیږی خو یو اهمه مسئله ده چې د غریبو خلقو سره ډیر تعلق لری او هغې باره کښې مونږ یو قرارداد هم دلته پاس کړے وو خو په هغې باندې عملدرآمد اونشو خودا دومره د مهربانی اوکړے شی چې حکومت پانچ مرلې پورې چې کوم مکان وی، هغوی د مهربانی اوکړی چې د ټیکس نه د فری کړی۔ نوې بجټ راروان دے او دوئ چې کوم Per square foot rate فکس کړے دے ، هغه د هم لږ کم کړے شی چې خلق پیسې هم ورکړی۔ اوس بیا جون راروان دے خو خوا مخوا په دیکښې به خلق نیولې یا کتلې کیږی ریکوری د پاره، نو خلقو ته به ډیر لوئې تکلیف وی۔ زما حکومت نه خواست دے چې مهربانی اوکړی پانچ مرلې مکان باندې ټیکس وانخلی او باقی چې کوم دے هغه د هم لږReduce کړی چې خلقو ته تکلیف اونه شی۔ دا زما ریکویسټ دے جی۔

جناب سپیکر: ٹھیک ده جی۔

ڈاکٹر امتیاز سلطان بخاری: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر امتیاز سلطان بخاری صاحبہ۔

ڈاکٹر امتیاز سلطان بخاری: مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ ہمارے پارلیمانی لیڈر انور کمال صاحب پہ بزدلانہ حملہ کیا گیا جس کی میں شدید مذمت کرتی ہوں اور حکومت سے اپیل کرتی ہوں کہ ان مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، اصلی مجرموں کو بے نقاب کیا جائے۔

جناب سپیکر: امان اللہ حقانی۔

مولانا امان اللہ حقانی: شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ دا دلته بهر جی یو غټ جلوس راغلې دے د چارسده نه او د هغه خلقو جی مطالبه دا ده چې چارسده کښې او په تنګی کښې په مختلف علاقو کښې ډیر وخت نه په ناجائزه زمکو باندې قبضې شوی دی او د هغوی دا وینا ده چې عدالتونه هم زمونږ په حق کښې فیصلې کړی

دی لیکن هغه زمکې تر اوسه پورې د هغه قابضینو نه واګزار شوی نه دی او هغه خلق هغه زمکو باندې بیا د پوست کاشت هم کوی، افیمو کاشت هم پرې کوی نو د هغه خلقو د مطالبه ده ۔ زمونږه ورسره دا خبره اوکړه چې ستاسو مسئله مونږ په فلور باندې او چتوؤ۔ جناب سپیکر صاحب!دا ډیره اهمه مسئله ده او دې باره کښېیو داسې اقدام پکار دے چې دا مسئله حل شی او د امن وآمان مسئله ترینه جوړه نه شی۔

جناب سپیکر: جی محمد شہزادہ گستاسپ خان صاحب۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر! جیسا کہ محترم ممبر صاحبہ یہاں پر آپ کے نوٹس میں لائیں کہ جناب انور کمال صاحب پہ بزدلانہ حملہ ہوا ہے۔خدانے مہربانی کی جان تو بچ گئی لیکن سر، یہ کارروائی ان کے لئے بڑی اہم سمجھتے ہیں کہ یہ جو معاملات وہاں پہ چل رہے ہیں، ان میں ایسے اور بھی حادثات پیش آسکتے ہیں تو میں آپ کی وساطت سے یہ درخواست کرونگا حکومت سے کہ انکی مکمل حفاظت کے لئے کوئ مناسب بندوبست کیا جائے کیونکہ وہ ایک قومی سربراہ ہیں اور ایک نیک مقصد کے لئے وہ اس کارروائی میں حصہ لے رہے ہیں۔دوسری میں یہ گزارش کرونگا کہ مشتاق غنی صاحب کے چچا وفات پاچکے ہیں تو انکے لئے دعا مغفرت کی جائے۔

جناب سپیکر: مولانا عبدالرزاق صاحب سے درخواست ہے کہ وہ مرحوم کے حق میں فاتحہ خوانی کریں۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! زما ریکویسټ وو زما هغه چې کوم وه-----

جناب سپیکر: داجی که تاسو مطلب دا دے دا دغه کړو نو زه حکومت نه تپوس کومه چې د یوې یوې، تاسو د پنځو مرلو خبره اوکړه او مولانا صاحب د چارسدې خبره اوکړه۔

جناب بشیر احمد بلور: زما په خبره کښې لږ پکښې دا ده چې دوئ به جون میاشت کښې ریکوری کوی نو چې په خلقو باندې زیات پریشر وانه چوی او چې په Under standing باندې اوشی۔ ګنی بیا به ټول خلق پولیس نیسی، وهل ټکول به کوی نو په دې باندې لږ دوئ چې غور اوکړی۔

جناب سپیکر: صحیح دہ جی۔ جناب ملک ظفر اعظم صاحب۔

جناب ظفر اعظم (وزیر قانون): بسم اللہ الرحمن الرحیم! مہربانی جناب سپیکر صاحب۔ بشیر بلور صاحب نے جو نکتہ اٹھایا ہے، وہ واقعی بہت اہم ہے۔ پچھلے ہفتے ہمارے سینئر منسٹر نے اس بابت میں ACS کی میٹنگ بلائی تھی۔ پیر محمد خان صاحب نے اپنی اس قرارداد میں اسلامی نظریاتی کونسل کا حوالہ بھی دیا تھا۔ جو قرارداد یہاں پر متفقہ طور پر پاس ہوئی تھی۔ اس بابت میں ہم نے ایک میٹنگ بلائی تھی اور اس میں پورا غور وحوض کرنے کے بعد اسلامی نظریاتی کونسل سے یہ رائے مانگی گئی ہے، علماء سے رائے مانگی گئی ہے کہ آپ اس کے متعلق شرعی حثیت واضح کر لیں اور ان شاءاللہ میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ آپ جو سمجھ رہے ہیں۔ ان شاءاللہ گورنمنٹ بھی اس کے متعلق بہت ہی Serious ہے تاکہ ہم غریب کو زیادہ سے زیادہ سہولت دے سکیں۔

جناب بشیر احمد بلور: سر! زما دا ریکویسٹ بہ وی چې حکومت تہ پکار دی چې هغه کمیټی کښې د اپوزیشن کسان هم واچوی خه هغې باندې لږ Detail سره خبره اوشی۔ دا ډیره اهم مسئله ده۔

وزیر قانون: بہت ہی اچھی تجویز ہے جی۔

سید مرید کاظم شاہ: پوائنٹ آف آرڈر سر!

جناب سپیکر: د چا رسدې۔ مرید کاظم صاحب! پہلے جو پوائنٹس آٹھائے گئے ہیں، ان کے جواب کے لئے آپ موقع دے دیں تاکہ تھوڑا سا، پھر Questions Hour ہے میرے خیال میں پھر جی۔

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب! جلوس واقعی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: انور کمال خان پہ جو قاتلانہ حملہ ہوا ہے وہ اس معزز ایوان کے معزز رکن ہیں۔

وزیر قانون: جلوس کی بات پہلے کر لوں جی، جلوس واقعی اسمبلی کے باہر آیا ہے اور ہمارے معزز ممبران انکے پاس گئے ہوئے ہیں۔ انکے جو مقدمات ہیں وہ تو عدالت کا کام ہے۔ عدالت کے کاموں میں ہم دخل اندازی نہیں کر سکتے لیکن افیون جو کاشت ہو رہی ہے، اسکے متعلق تو گورنمنٹ کی بڑی واضح پالیسی ہے اور ہم ان شاءاللہ اسکے متعلق سخت سے سخت قدم اٹھانے کا انکو یقین دلاتے ہیں۔

مولانا امان اللہ حقانی: جناب سپیکر!عدالتونود هغوی بقول چې زمونږ په حق کښې فیصلې کړې دی۔ نو چې هغوی ته-----

مولانا محمد مجاہد خان الحسین: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی سکندرشیرپاؤ صاحب!مولانا صاحب د دې نه وروستو۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسین: زما یو عرض دے د عدالتی کارروائی نه ده، عدالتی کارروائی شوې ده۔دا قبضه گروپ دے او هغوی قبضه کړې ده۔ د هغوی نه نجات کول غواړی۔

جناب سپیکر: جی۔جی سکندر شیر پاؤصاحب۔

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر صاحب! حقانی صاحب چې کومه دا مسئله او چته کړه جی،دا یو ډیره زړه مسئله ده د هغې علاقې جی او ډیرې مودې نه راروانه ده۔ هلته کښې د خانانو او د کسانیانو په مینځ کښې یو تنازعه روانه ده۔ یو حقله کافی فیصلې هم شوې دی خو د هغې طریقې سره Enforce کیدې نه شی ځکه چې هلته کښې هغه خلقو سره هم زیاتې دې چې کوم هلته کښې خلقو کورونه جوړ کړے دی ۔ دغه سره هم چې د دې د پاره په دې تیر شوی زما خیال دے یو کال مخکښې جی چیف منسٹر صاحب یو کمیټی هم جوړه کړې وه او هغې کښې ئے کوشش دغه کړے وو چې د کمیټی په ذریعه په افهام و تفهیم باندې دا مسئله حل کړے شی خو اوسه پورې هغه کمیټی څه پیشرفت نه دے کړے۔ هغې کښې چې کوم هغه ممران هم اخستلی شوی وو، هغه هم دا سېEffective نه دی چې کښېینی او دا مسئله حل کړی۔ مونږه پخپله دا غواړو چې دا مسئله د افهام و تفهیم سره حل کړے شی خه نه ده کسانانو ته هغې نه نقصان اورسی نو هغوی سره زیاتې اوشی، نه دې خانانو سره زیاتې اوشی خو جناب سپیکر ، دې د پاره دا ضروری ده چې هغه کمیټی کومه جوړ شوې وه-----

جناب سپیکر: کمیټی فعال کول غواړی، د هغې دغه غواړی۔

جناب سکندر حیات خان: دا کمیټی Effective کړی نو هله به دا مسئله حل کیږی جی۔

جناب سپیکر: جی ملک ظفر اعظم صاحب۔ د کمیټی Efficiency مطلب دا دے چې هغې کبنې-----

وزیر قانون: تجویز خو یقیناً د دوئ ډیر موزوں دے چې کمیټی لږ غونډې زیاته Active شی نو د دې خلقو مسئله به حل شی۔

Mr. Speaker: Questions Hour.

سید مرید کاظم شاہ: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر قانون: میں تھوڑا سا لیڈر آف دی اپوزیشن کی بات کا جواب دینا چاہتا ہوں۔ یقیناً اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ انور کمال صاحب ہمارے اس ہاؤس کے ایک معزز اور سینئر ترین رکن ہیں۔ وہ جس بابت اور جس معاملے میں وہاں پر گئے ہوئے ہیں، وہ میرے خیال میں تو حکومت کی مدد اور حکومت کی Favour میں وہاں گئے ہیں-----

جناب سپیکر: اس لئے تو جناب شہزادہ گستاسپ خان نے کہا ہے کہ نیک مقاصد حاصل کرنے گئے ہیں۔

وزیر قانون: اس کے لئے وہاں پر پہنچ چکے ہیں کیونکہ وہاں پر ہم نے Admit کیا تھا کہ بدامنی ہے اور بدامنی کے لئے حکومت جس انداز سے قدم اٹھایا ہے اور آپ کے علم میں ہے جی شہزادہ صاحب کے علم میں ہے کہ میجر صاحب وہاں پر شہید ہو چکے ہیں، بھاری توپخانہ استعمال ہوا ہے۔ ارسل گروپ جو مشہور اور بدنام زمانہ ہے، وہاں پہ پناہ لئے ہوئے تھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ ہم اس علاقے کے لوگوں کے بھی شکر گزار ہیں کہ وہاں پر حافظہ صاحبہ کی لاش آئی اور وہاں جنازہ ہوا لیکن لوگوں نے کوئی اور کسی قسم کا تشدد نہیں کیا۔ اور انہوں نے کہا کہ لاشیں آئی چاہیں لیکن اس ذلیل کو یہاں سے ختم کرنا حکومت کا کام ہے اور حکومت کے ساتھ ہم ہر قسم کی مدد کے لئے تیار ہیں جس کی بین ثبوت یہی ہے کہ ہمارے انور کمال صاحب قدم قدم پر سرکاری اہلکاروں کا ساتھ دے رہے ہیں۔ ہم ان کی جان و مال کی حفاظت کے لئے اور اپنے مروت قبیلے کے افراد کی حفاظت کے لئے جو بھی ہو سکے، ہم ان شاءاللہ حکومت کی طرف سے پوری پوری مدد کریں گے۔

جناب سپیکر: شگفتہ ناز صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ناز: بہت شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں آپکی توجہ اخبار کی خبر کی طرف دلانا چاہتی ہوں کہ ایل آر ایچ میں مرد ڈاکٹرز، مرد ٹیکنیشن، خواتین کی ای سی جی کر رہے ہیں جس سے خواتین کو بہت زیادہ مشکلات ہیں اور ہمارا حکومت سے مطالبہ ہے کہ تمام گورنمنٹ ہاسٹپلز میں خواتین ٹیکنیشن کو تعینات کیا جائے۔اس سے خواتین کے روزگار میں بھی اضافہ ہوگا اور خواتین کے پردے کی سہولت بھی برقرار رہے گی۔شکریہ جی۔

محترمہ فرح عاقل شاہ: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب سپیکر: فرح عاقل شاہ صاحبہ۔

محترمہ فرح عاقل شاہ: تھینک یو سپیکر صاحب۔ سر! ایک ہفتہ پہلے اخبار میں خبر آئی تھی کہ سنیٹنل ماڈل سکول فار بوائز کینٹ نمبر 4 میں فیس معاف کر دی گئی ہے اور سی۔ایم صاحب کے حکم پر لیکن ابھی ان سے چھ چھ مہینے کی فیس لی جارہی ہے، ایک مہینے کی بھی نہیں۔

جناب سپیکر: ایجوکیشن منسٹر تو نہیں ہیں۔

محترمہ فرح عاقل شاہ: جی، ایجوکیشن منسٹر تو نہیں ہیں۔ مگر ان کے جگہ کوئی اور جواب دے دے۔

جناب سپیکر: جی، مرید کاظم صاحب۔

سید مرید کاظم شاہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ سر! میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ میرے حلقے میں پبلک ہیلتھ میں لوگ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ دیکھیں۔۔۔۔۔

سید مرید کاظم شاہ: آپ میری بات سنیں جی۔ایک بات سنیں جی، ایک بہت اہم خبر ہے اس لئے میں کہہ رہا ہوں۔

جناب سپیکر: تو آپ تحریک التواء کیوں نہیں لاتے ؟آپ کال اٹنیشن نوٹس کیوں نہیں لاتے ؟

سید مرید کاظم شاہ: میں عرض کروں جی کہ اس میں اتنا ٹائم لگ جاتا ہے کہ وہ آئے گی نہیں اور یہ ایک اہم مسئلہ ہے کہ ہمارے پبلک ھیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے پاس Contingency اور ایم اینڈ آر میں کوئی پیسے نہیں ہیں، ٹرانسفارمرز میرے حلقے میں جلے ہوئے ہیں، ٹیوب ویل کی بہت سی موٹریں جلی ہوئی ہیں اور لوگ اس

گرمی میں پانی سے مر رہے ہیں۔ میں پبلک ھیلتھ کے ایکسئن کے پاس گیا، وہ کہتے ہیں جی کہ ہم کو صوبائی حکومت نہیں دے رہی ہے، نہ ڈسٹرکٹ حکومت دے رہی ہے جبکہ اے ڈی پی میں دو کروڑ کی Maintenance Schemeڈی آئی خان کے لئے منظوری ہوئی ہے اور اسکا ایک پیسہ نہیں ملا انکو تو سر، اگر یہی پوزیشن رہی تو میرے حلقے میں لوگ کل جلوس نکالیں گے۔

جناب سپیکر: آپ کے حلقے ہی میں نہیں، سارے صوبے میں یہی صورتحال ہے۔

سید مرید کاظم شاہ: سر! میں کہتا ہوں کہ پورے صوبے میں ہے تو یہ Ensure کرایا جائے جی کہ اگر صوبائی حکومت نے۔۔۔۔

جناب سپیکر: علیزئی صاحب! آپ بیٹھیں۔ میں موقع دیتا ہوں لیکن بات یہ ہے کہ House decorumکا خیال رکھنا چاہیئے۔ میں موقع دیتا ہوں۔

سید مرید کاظم شاہ: صوبائی حکومت اتنی مہربانی کرے ہر ڈیپارٹمنٹ کو اپنی Contingency fund بھیجے اور ایم اینڈ آر کے پیسے بھی بھیجے تاکہ یہ تکلیف ختم ہو، یہ ایک بہت اہم مسئلہ ہے جی۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے جی۔

جناب محمد مظہر جمیل خان علیزئی: سر! میں ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: مظہر جمیل خان علیزئی صاحب۔

جناب محمد مظہر جمیل خان علیزئی: سر! گومل یونیورسٹی میں لاء کی نائٹ کلاسز شروع کی گئی تھیں جن میں باسٹھ طلباء پڑھ رہے تھے اور یونیورسٹی انتظامیہ نے اسکو یکدم یعنی کہ نوٹفیکیشن کرکے دن میں کر دیا۔ کیونکہ وہ نوجوان صبح نوکری کرتے تھے اور شام کو پڑھتے تھے اس لئے انہوں نے تھوڑا سا احتجاج کیا تو باسٹھ طلباء کو لاء کالج سے نکال دیا۔ اس لئے میں لاء منسٹر صاحب سے کیونکہ ایجوکیشن منسٹر تو ہیں نہیں تو۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں ہیں ناتوان شاءاللہ کل، کل ہو جائے گا Question Hour سوال نمبر 551 منجانب جناب خلیل عباس صاحب، رکن صوبائی اسمبلی۔

سید مرید کاظم شاہ: سر! میرے پوائنٹ آف آرڈر کا جواب نہیں ملا۔

جناب سپیکر: وہ دے دیں گے، دیں گے، جواب دے دیں گے۔ Question Hour ہے نا۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب زہ ستاسو توجہ دے طرف تہ راگرځوم چې زمونږ د بلدیاتو منسټر صاحب نشتہ دے ، جواب بہ ما تہ څوک راکوی جی؟

جناب سپیکر: ہاں۔

جناب بشیر احمد بلور: دا Collective responsibility دہ جی۔

جناب سپیکر:۔ لږ سوال تہ خو مطلب دا دے وایہ کنہ۔

جناب خلیل عباس خان: قاری محمود صاحب بہ ئې بیا راکوی جی نو۔

جناب سپیکر:۔ بس دا دغہ دے۔ جی خلیل عباس خان۔

جناب خلیل عباس خان:۔بنہ جی۔ سر!دا زما سوال وو جی۔

جناب سپیکر: آپ سوال تو پوچھیں۔

نشانزہ سوالات اور ان کے جوابات

* 569 _ جناب خلیل عباس خان: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ این ڈبلیو ایف پی شہری ترقیاتی پراجیکٹ(این یو ڈی پی) تقریباً مبلغ 1650 ملین روپے کی لاگت سے کام شروع کیا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پراجیکٹ میں ضلع نوشہرہ کی کسی ایک سکیم کو بھی شامل نہیں کیا گیا؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ پراجیکٹ میں ضلع نوشہرہ کو کیوں شامل نہیں کیا گیا؛

(ii) وہ کونسے پراجیکٹس ہیں جس میں ضلع نوشہرہ کو شامل کیا گیا ہے؛

(iii) مذکورہ پراجیکٹ میں کونسے علاقے اور اضلاع شامل ہیں نیز ان کی شمولیت کی وجہ کی تفصیل بتائی جائے؟

جناب محمد ادریس (وزیر بلدیات): (الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ حکومت صوبہ سرحد نے ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے این ڈبلیو ایف پی شہری ترقیاتی پراجیکٹ (این ڈبلیو ڈی پی) شروع کیا ہے۔اس منصوبے کو ECNEC نے 28 فروری 2002 کو منظور کیا۔اس منصوبے پر 1650 ملین روپے لاگت آئے

گی۔ جس میں ایشیائی ترقیاتی بینک کی طرف سے 1150 ملین روپے کا قرضہ بھی شامل ہے۔ منصوبے کا بنیادی مقصد صوبے کے چھوٹے اور درمیانے شہروں میں بنیادی شہری سہولتوں کی فراہمی جس میں آب رسانی، نکاسی آب کوڑا کرکٹ کو محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگانا اور مقامی ذرائع آمد و رفت کو ترقی دینا ہے۔ اس کے علاوہ متعلقہ تحصیل بلدیاتی انتظامیہ کی مالی اور انتظامی استعداد کی بہتری کے لیے فنی مشاورت بھی مہیا کی جائے گی۔ یہ منصوبہ صوبہ سرحد کی 24 شہری مراکز میں نافذ ہوگا اور دسمبر 2007 میں تکمیل کو پہنچے گا۔

(ب)۔ یہ منصوبہ تین مراحل میں مکمل کیا جائے گا۔ پہلے مرحلے میں سات شہری مراکز چارسدہ، صوابی، تخت بھائی، تیمر گرہ، ہری پور، مانسہرہ اور ہنگو کا انتخاب کیا گیا ہے۔ جو ایشیائی ترقیاتی بینک کے مقرر کردہ طریقہ انتخاب پر پورا اترتے ہیں۔ بقایا شہری مراکز کا انتخاب بعد میں امدادی ادارے کے ساتھ طے شدہ اہلیت و شرائط کے ضوابط کے مطابق کیا جائے گا۔ (تحصیل بلدیاتی انتظامیہ کی پراجیکٹ میں شمولیت کے لیے اہلیت و شرائط اور شرائط اور ذیلی منصوبے کے چننے کا معیار اور شرائط لف ہیں)۔ ضلع نوشہرہ کے پانچ شہری مراکز بشمول پبی، نوشہرہ، اکوڑہ خٹک، جہانگیرہ اور امان گڑھ کو اس منصوبے کے دوسرے مرحلے میں شمولیت کا دعوت نامہ بھیجا گیا تھا جس کے جواب میں تحصیل بلدیاتی انتظامیہ پبی اور اکوڑہ خٹک نے منصوبے میں شمولیت پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ جب کہ تحصیل بلدیاتی انتظامیہ جہانگیرہ نے منصوبے میں شمولیت سے معذرت کی ہے۔ تحصیل بلدیاتی انتظامیہ نوشہرہ اور امان گڑھ نے ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا۔ شرکت پر امادہ شہری مراکز کا جائزہ لیا جارہا ہے اور اگر یہ متعلقہ طریقہ انتخاب پر پورا اترتے تو ان کو بھی منصوبے کے آنے والے مراحل میں شامل کر لیا جائے گا۔

(ج) (i) جیسے کہ جواب (ب) میں وضاحت کی گئی ہے۔ کہ مذکورہ پراجیکٹ کے پہلے مرحلے میں سات شہری مراکز چارسدہ، صوابی، تخت بھائی، تیمر گرہ، ہری پور، مانسہرہ اور ہنگو کا انتخاب کیا گیا ہے جو کہ جولائی 1998ء میں امدادی ادارہ/ایشیائی ترقیاتی بینک کی تکنیکی مطالعہ میں مقرر کردہ اہلیت و شرائط کی بنیاد پر پورا اترتے ہیں۔ بقایا شہری مراکز کا انتخاب بعد میں امدادی ادارے کے ساتھ مقرر کردہ متعلقہ اہلیت و شرائط کے اصول کے مطابق کیا جائے گا۔ ضلع نوشہرہ کے پانچ شہری مراکز بشمول پبی، نوشہرہ، اکوڑہ خٹک، جہانگیرہ

اور امان گڑھ کو اس منصوبے کے دوسرے مرحلے میں شمولیت کا دعوت نامہ بھیجا گیا تھا۔ اور تمام متعلقہ شہری مراکز کے مذکورہ پراجیکٹ کے دوسرے مرحلے میں شامل ہونے کے قوی امکانات ہیں۔

(ii) جیسے کہ جواب (ب) میں وضاحت کی گئی ہے کہ ضلع نوشہرہ کے پانچ شہری مراکز بشمول پبی، نوشہرہ، اکوڑہ خٹک، جہانگیرہ اور امان گڑھ کو اس منصوبے کے دوسرے مرحلے میں شمولیت کا دعوت نامہ بھیجا گیا تھا جس کے جواب میں تحصیل بلدیاتی انتظامیہ پبی اور اکوڑہ خٹک نے منصوبے میں شمولیت پر آمادگی ظاہر کی ہے، جبکہ تحصیل بلدیاتی انتظامیہ جہانگیرہ نے منصوبے میں شمولیت سے معذرت کی ہے۔ تحصیل بلدیاتی انتظامیہ نوشہرہ اور امان گڑھ نے ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا۔ شرکت پر آمادہ شہری مراکز کا جائزہ لیا جارہا ہے اور اگر یہ متعلقہ طریقہ انتخاب پر پورا اترے تو ان کو بھی منصوبے کے آنے والے مراحل میں شامل کر لیا جائے گا نیز ضلع نوشہرہ کے صوبے کے دوسرے پراجیکٹس میں شمولیت کے بارے میں متعلقہ محکمہ جات سے دریافت کیا جائے۔

(iii) جواب (ا، ب، ج) میں وضاحت کر دی گئی ہے کہ یہ منصوبہ تین مراحل میں مکمل کیا جائے گا اور پہلے مرحلے میں سات شہری مراکز چارسدہ، صوابی، تخت بھائی، تیمر گرہ، ہری پور، مانسہرہ اور ہنگو کا انتخاب کیا گیا ہے۔ جو ایشیائی ترقیاتی بینک کے ساتھ طے شدہ طریقہ انتخاب پر پورا اترتے ہیں۔ بقایا شہری مراکز کا انتخاب بھی متعلقہ اہلیت و شرائط کے ضوابط کے مطابق کیا جائے گا۔ جس کے لئے بیس ہزار سے زائد آبادی والے شہری مراکز بشمول پبی، نوشہرہ، اکوڑہ خٹک، جہانگیرہ، امان گڑھ، کھلابٹ، چھوٹا لاہور، ٹوپی، زیدہ، تنگی، اتمانزئی، شبقدر، حویلیاں، نواں شہر، بٹ خیلہ، ٹانک، چترال، لکی، کرک، دیر بالا، ٹل کو پراجیکٹ میں شمولیت کے لئے دعوت دی گئی ہے۔ پبی اکوڑہ خٹک، کھلابٹ، چھوٹا لاہور، ٹوپی، زیدہ، اتمانزئی، شبقدر، حویلیاں، ٹانک، لکی، کرک، دیر بالا اور ٹل کے تحصیل بلدیاتی انتظامیہ نے منصوبے میں شمولیت پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ جبکہ تحصیل بلدیاتی انتظامیہ جہانگیرہ نے منصوبے میں شمولیت سے معذرت کی ہے اور تحصیل بلدیاتی انتظامیہ نوشہرہ، امان گڑھ، تنگی، نواں شہر، بٹ خیلہ اور چترال نے ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا۔ شرکت پر آمادہ شہری مراکز کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ اور اگر یہ متعلقہ طریقہ انتخاب پر پورا اترے تو انکو بھی منصوبے کے آنے والے مراحل میں شامل کر لیا جائے گا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک سے معاہدے کے مطابق

بڑے شہری مراکز بشمول پشاور، مردان، مینگورہ، ایبٹ آباد، کوہاٹ، بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خان اس منصوبے میں شامل نہیں کئے جاسکتے۔ منصوبے میں شمولیت کے لئے اہلیت و شرائط اور ذیلی منصوبے کے چننے کا معیار اور شرائط لف ہیں۔

تحصیل بلدیاتی انتظامیہ کی شمال مغربی سرحدی صوبہ کے شہری ترقیاتی پراجیکٹ میں شمولیت کے لئے اہلیت وشرائط

تحصیل بلدیاتی انتظامیہ کی پراجیکٹ میں شمولیت کے لئے ایشیائی ترقیاتی بینک کی پیشگی منظوری لینی ہوگی۔

ایسی تحصیل بلدیاتی انتظامیہ کے لئے لازم ہوگا کہ :۔

الف۔ وہ ذیلی منصوبوں کو وعدہ کے مطابق مکمل کرنے کے لئے فنی سٹاف مہیا کرے۔

ب۔ اسکی مالی استطاعت قرضے کی واپسی کے لئے کافی ہے۔

پ۔ پروجیکٹ امپلیمنٹیشن ٹیم کی تشکیل کرے اور اسکے اخراجات ادا کرے۔

ت۔ اس بات کو قبول کرے کہ وہ اپنے مالی، حسابی نظام اور مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کو پراجیکٹ کی مدد سے بہتر بنائے گی۔

ٹ۔ اس بات کا ذمہ لے گی کہ ذیلی منصوبوں پر عمل درآمد کے لئے اپنے ذرائع آمدن بڑھائے گی۔

ث۔ اس بات کو قبول کرے کہ ذیلی منصوبے کی کل لاگت کا کم از کم 20 فیصد حصہ فنانس کرے گی۔

ج۔ مجوزہ شہری مرکز کی آبادی 20,000 نفوس سے زیادہ پر مشتمل ہوگی۔

چ۔ ایسے شہری مرکز کے پاس اپنا بنیادی نقشہ ہوگا جس میں شہری آبادکاری کی منصوبہ بندی ہوگی جو مسقبل کی ترقی کے لئے استعمال کی جاسکے گی۔

ح۔ اپنی انتظامی حدود میں غیر منقولہ جائیداد پر ٹیکس لاگو کرے گی۔

خ۔ اس بات کو قبول کرے گی کہ وہ ذیلی منصوبوں کے علیحدہ اکاونٹ اور رپورٹ پیش کرے گی جو کہ ایشیائی ترقی بینک کو پیش کئے جانے والے اکاونٹس اور رپورٹ میں شامل کئے جائینگے۔

د۔ پینے کے پانی ماہانہ بل میں بتدریج اضافہ کرے گی۔ جو کہ موجودہ بل ./60 روپے ماہوار سے بڑھا کر ./85 روپے ماہوار کردیا جائے گا۔

ذ۔ پانی کے ماہانہ بل کی وصولی کے نظام میں بہتری لانے کے لئے اقدامات کرے گی۔

ر۔ غیر منقولہ جائیداد پر موجودہ ٹیکس کی بنیاد کو ایشیائی ترقیاتی بینک کی تسلی کے مطابق بتدریج توسیع کرے گی۔

ز۔ مقررہ اوقات پر پراجیکٹ کوارڈنیشن یونٹ کو مالیاتی ایکشن پلان پر عمل درآمد کی رپورٹ پیش کرے گی۔

ژ۔ اس بات سے اتفاق کرے گی کہ وہ کوڑا کرکٹ کے اکٹھا کرنے اور سیپٹک ٹینک کی صفائی کو مکمل کرنے کے لئے استعمال کنندگان سے معاوضہ وصول کرنے کا پروگرام نافذ کرے گی۔

ذیلی منصوبے کے چننے کا معیار اور شرائط:

الف۔ تمام ذیلی منصوبے معیار پر پورا اترنے والے شہری مراکز حدود میں ہونے چاہیں۔

ب۔ ہر ذیلی منصوبے کا کم از کم انٹرنل ریٹ آف ریٹرن 6 فیصد ہونا چاہیئے۔

پ۔ ذیلی منصوبے کا ابتدائی ماحولیاتی مطالعہ صوبائی حکومت اور ایشیائی ترقیاتی بینک کی ضروریات کو پورا کرے اور اس کے ماحول پر منفی اثرات کا مناسب بندوبست کرے۔

ت۔ ذیلی منصوبے کے لئے درکار زمین مہیا کرے اور حسب ضرورت دوبارہ آبادکاری کا منصوبہ ایشیائی ترقیاتی بینک کی پالیسی کے مطابق تیار کرے۔

ٹ۔ تمام ذیلی منصوبے ایشیائی ترقیاتی بینک کی منظوری کے بعد متعلقہ تحصیل بلدیاتی انتظامیہ اور صوبائی حکومت کے درمیان معاہدے کے تحت نافذ العمل ہونگے۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری۔

جناب خلیل عباس خان: سپلمینٹری جی۔ د دې جواب خو ما ته ډير په تفصيل سره راکړے شوے دے خو ديکښې جي دا يوه خبره شوې ده۔ په جز(ب) کښې چې يه منصوبہ تین مراحل میں مکمل کیا جائے گا۔ پہلے مرحلے میں سات شہری چارسده او دا نورې ئې بنودلې دی چې اخستې شوی دی زما سپليمنټری دا دے چې د دې دوئمه مرحله به کله شروع کيږی جی او هغې کښې به بيا کومې کومې بناريئی اخستې کيږی ؟ هغې نه پس سر، د دې سره يو دغه تحصیل بلدیاتی انتظامیہ کی شمال مغربی سرحدی صوبہ

کے شہری ترقیاتی پراجیکٹ میں شمولیت کی اہلیت و شرائط، دا جی یو مونږ ته کاغذ راکړے شوے دے خو دا چا Own کړے نه دے جی۔ په دے باندې دستخط نشته دے۔ په دې باندې څه سرکاری مہر نشته۔ زه دا تپوس کوم جی د متعلقه خلقو نه جی چې آیا دا درست دې؟ د دې که نه دا، ځکه چې دا چا Own کړے نه دے، په دې نه څه سټیمپ شته دے، نه په دې څه دستخط شته دے، نو زما دا شک دے چې کیدې شی دا رولز او ریګولیشنز کنډیشنز صحیح نه دی جی۔

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان:</u> یہ ایک Lapse ہے جو حکومت کی سطح پر، میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہونگا۔ جب کبھی بھی سر، کوئی منسٹر ضروری کام کاج کے لئے، وزیر ہوتے ہیں انہیں جانا پڑتا ہے ادھر ادھر، لیکن وہ اپنے کسی کو متعین کر دیتے ہیں۔ دوسرے وزیر کو درخواست کر دیتے ہیں کہ وہ انکی جگہ جواب دیں اور اس کے لئے پورا ایک بریف ہوتا ہے، تیاری ہوتی ہے، تو یہ عجیب بات ہے سر اور پہلے تو یہ بات یقینی بنائی جاتی ہے کہ اجلاس ہو رہا ہے اور اجلاس میں کوئسچنز آور کے لئے وزراء حاضر ہوتے ہیں ہمیشہ، ہم خود بھی وزیر رہے ہیں۔ ہمیں اس بات کا علم ہے لیکن یہ عجیب بات ہے کہ اتنا Important محکمہ ہے، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سے یہ Concerned ہے اور ایسے Sensitive سوالات اس سے وابستہ ہیں اور پورا ایک پلندہ آیا ہوا ہے، سوالات کا لیکن وزیر صاحب آج نہیں ہیں۔ میں تو آپ سے درخواست کروں گا کہ وزیر صاحب کو صحیح طریقے سے، چونکہ پہلے بھی ایسے کئی موقعوں پر ہوا ہے، تنبیہ کی جائے یہ اور وزیر بھی بیٹھیں ہیں، ان کے بڑے ضروری کام ہوتے ہیں لیکن یہ اپنے دنوں میں کم از کم Attend کرتے ہیں سیشن ۔ تو یہ------

(مداخلت)

<u>جناب سپیکر:</u> شہزادہ محمد گستاسپ خان نے جو نکتہ اٹھایا ہے، مطلب یہ ہے کہ وزیر لیتا ہے تو کسی اور وزیر کو Authorize کیا ہے یا نہیں کیا ہے؟ اس آرٹیکل کے تحت Collective responsibility کے تحت، مطلب یہ ہے کہ well informed ہو اور ہاؤس میں جوابات وہ مفصل اور Correct اگر نہیں دیتے تو پھر ایک اور راستہ یہ اختیار کر سکتے ہیں (تالیاں) حکومت جی، منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: مہربانی سپیکر صاحب آج صبح منسٹر صاحب سے ٹیلی فون موصول ہوا کہ میں ایک ضروری کام کے واسطے باہر جارہا ہوں۔ لہذا آپ میرے سوالات کے جو جوابات ہیں ان کے لئے تیاری کرلیں۔

جناب سپیکر: تو آپ Fully prepared ہیں؟

وزیر قانون: سر! بالکل جی۔ یہ (تالیاں) سر! میں عرض کرلوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر قانون: کل جو ایجنڈا تقسیم ہوا تھا تو سوال وجوابات یہی جو ایجنڈا میں ہمارے پاس کل سے آیا ہوا تھا تو کل رات اور دن کو میں نے اس پر تیاری کی ہوئی ہے میں بالکل جواب دینے کے لئے تیار ہوں۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔ خلیل عباس نے جو سپلیمنٹری کوئسچن کیا ہے اسکا جواب دیں۔ خلیل عباس صاحب نے جو جوابات، پلیز۔

جناب خلیل عباس خان: سرا! یو عرض کومہ جی۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب خلیل عباس خان: دا جی د ECNEC approved سکیم دے جی۔ د 1650 ملین روپو سکیم دے جی دا۔ دا د اربن ډیویلپمنټ دغه باره کښې دے جی او یو ډیر ECNEC approved جی په 28 فروری باندې Approved کړے دے۔دا سکیم،1650 ملین روپې دے ته مختص شوې دی د صوبې په چوبیس اضلاع کښې په دے باندې دغه کیږی جی۔نو ځکه زما دا درخواست دې چې دے دیکښې ما چې کوم تپوسونه کړی دی منسټر صاحب ما ته د دې باره کښې وضاحت او کړی۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر قانون: جناب سپیکر! On behalf of Minister Local Government جناب والا! میں خلیل عباس صاحب کے علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ یہ تین مرحلوں میں مکمل ہوگی اور 2007 تک ہوگی اور اس میں جو جواب جز (ب) میں مل چکا ہے کہ نوشہرہ، پبی، اکوڑہ خٹک، جہانگیرہ اور امان گڑھ اس منصوبے کے دوسرے مرحلے میں شامل ہونگے اور اس سے یہ مطمئن بھی ہیں جی۔ اور دوسرا جو اعتراض

اٹھایا ہے ہمارے معزز رکن نے کہ آیا یہ Authentic ہے یا نہیں، جو ہمیں انہوں نے ارسال کیا ہوا ہے کیونکہ اس پر نہ مہر ہے نہ دستخط ہے اور جو ہمارے تحصیل بلدیاتی انتظامیہ کی طرف سے ترقیاتی پراجیکٹ میں شمولیت کے لئے اہلیت و شرائط، کیونکہ اس پر نہ دستخط ہے اور نہ مہر ہے میں انکو تسلی دیتا ہوں۔ یقین دلاتا ہوں کہ یہ بالکل وہی شرائط ہیں جو حکومت کی منظور کردہ ہیں۔ کوئی بھی اس میں ردوبدل نہیں ہے۔ آپ یقین جانیں کہ یہاں پر ہم کوشش کرتے ہیں کہ ہاؤس میں جو چیز آئے، وہ صحیح آئے۔

جناب سپیکر: Next سوال نمبر 570 منجانب سید

جناب خلیل عباس خان: سر! ما دا تپوس کڑے وو جی چې دا دوئمه مرحله به کله شروع کیږی۔ ما دا تپوس کڑے وو جی۔دا دوئمه مرحله به کله شروع کیږی؟ چونکه سکیم خو Total approved دے 1650 ملین جی۔

جناب سپیکر: تاسو د دوئمې مرحلې، یعنی مطلب دا دے چې دا خو New information نه دی؟

جناب خلیل عباس خان: نه سر۔ دا ضمنی مې تپوس اوکڑو۔

جناب سپیکر: نیو انفارمیشن دی که نه دی؟

جناب خلیل عباس خان: نو دی خو سپلیمنٹری دے کنه جی۔دا ما ځکه درته اووئیل۔

جناب سکندر حیات خان: سر! دوئ پخپله وئیلی دی چې مراحل کښې دی۔ دوئ پخپله وئیلی دی چې دا۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب!

جناب نادر شاہ: زه یو سپلیمنٹری کول د دې باره کښې۔

جناب سپیکر: لږ، جی منسٹر صاحب دوئمې مرحلې متعلق تپوس کوی۔

جناب بشیر احمد بلور: پہلا ختم ہوگا تو دوسرا شروع ہوگا۔

وزیر قانون: مجھ سے پہلے تو بشیر احمد بلور صاحب نے جواب دے دیا کہ پہلا فیز مکمل ہوتے ہی دوسرا فیز شروع ہو جائیگا جی۔ اور Ultimately اس کا ریزلٹ 2007 تک آئے گا۔ اس کے تینوں مرحلوں کو مکمل ہونے ہیں۔

جناب سپیکر: اسرار اللہ خان گنڈا پور صاحب، نادر شاہ صاحب اس کے بعد آپ۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور: جناب سپیکر! میں ان سے پوچھنا یہ چاہتا ہوں۔ ضمنی سوال یہ ہے کہ جیسے سی آئی پی، وہ بھی فارن ایڈڈ پراجیکٹ ہے۔ وزیر اعلیٰ صاحب نے اس پہ Stand لیا ہے کہ ایم پی ایز کو بھی رول دیا جائے یہ NUDP کو جب ہم دیکھتے ہیں تو وہ سارا ٹی ایم اے ہے اور باہر کی گورنمنٹ ہے تو اس کے متعلق وزیر صاحب کیا کہتے ہیں۔ ایسی انکی کوئی Proposal ہے کہ اس میں ایم پی ایز کو کوئی رول دیا جائے؟

جناب سپیکر: جی، ملک ظفر اعظم صاحب! ایم پی ایز کے رول کے بارے میں وہ پوچھ رہے ہیں۔

وزیر قانون: جی یہ اگر مناسب سمجھیں تو میں ٹی بریک کے بعد انکو جواب دے دوہونگا۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔ نادر شاہ صاحب۔

جناب نادر شاہ: زما جی دې باره کښې دا کوئسچن دې چې مونږ خو لکه د دوئ د دې فیز ون، فیز ټو او فیز تهری د دې د پاره خو په دیکښې څه ډیټونه نشته او په دیکښې دوئ مونږ ته دا او بنائی چې دا فیز ون کښې کوم کوم بنارونه مقرر شوی دی او په فیز ټو کښې کومو کوم دی ځکه چې په دیکښې خو تخت بهائی شامله ده او سه پورې په دیکښې یوه پیسه هم نه ده لیګیدلې، ولې دې باره کښې دوئ د وضاحت اوکړی۔ د فیزون کوم دې، کوم ځائونه پکښې شامل دی، کوم ځائیونه فیز ټو کښې دی او په کوم ځائې کښې پکښې کار شروع شوے دے۔

جناب سکندر حیات خان: سپیکر صاحب! یو سپلیمنټری۔

جناب سپیکر: جی سکندر حیات خان شیر پاؤ صاحب۔

جناب سکندر حیات خان: یو سپلیمنټری کوئسچن جی۔ دا فیز ون کوم سټیج کښې دے په دې وخت کښې، آیا کار پرې سټارټ شوے دے۔ او که نه دغه کښې دی جی؟

جناب سپیکر: ملک ظفر اعظم صاحب!

وزیر قانون: اس کے لئے سٹاف مکمل ہائیر ہو چکا ہے اور تقریباً تقریباً ڈسٹرکٹ لیول تک جہاں تک یہ سٹی لئے گئے ہیں، انکے لئے انتخاب کیا گیا ہے وہاں تک وہ سٹاف پہنچ چکا ہے اور وہ اپنا کام شروع کرنے والے ہوں گے تقریباً۔

جناب سپیکر: جی۔ سوال نمبر 570 منجانب سید قلب حسن صاحب، رکن صوبائی اسمبلی۔

* 570 ۔سید قلب حسن: کیا وزیر بلدیات ازارہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہاٹ میں کوہاٹ ڈویلپمنٹ اتھارٹی موجود ہے؛

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو کوہاٹ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی 2001 سے 2003 تک سالانہ آمدنی اخراجات اور ترقیاتی کاموں کی تفصیل بتائی جائے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) 2001 سے 2003 تک سالانہ آمدنی، اخراجات اور ترقیاتی کاموں کی تفصیل درج ذیل ہے (باقی تفصیل لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں)

جناب سپیکر: جی سپلیمنٹری۔

سید قلب حسن: سپلیمنتری۔ دیکښې زما کوئسچن دے چې دا کے ډی اے خپل علاقې نه علاوه نورو ځائونو کښې پیسې استعمال لولے شی چې دلته کښې ښنگه کرک ټاؤن دے، مندوری ہائی سکول دے، کرک صابر آباد روډ، دې باندې دا تاسو اوگوری غالباً Page 25باندې دے۔د ا دوئ د کوم اختیار لاندې دا پیسې د کے ډی اے پیسې په نور علاقو کښې استعمال کړی دی۔

جناب سپیکر: جی ملک ظفر اعظم صاحب!

وزیر قانون: یہ کرک صابر آباد روڈ اور کے ڈی اے کوہاٹ دیویلپمنٹ اتھارٹی یہ اتھارٹی کا ایک Consolidated fund فنڈ ہوتا ہے جو کسی ایک مخصوص جگہ کے لئے نہیں ہوتا۔ وہ اتھارٹی تھی اس وقت اور اب اتھارٹی کو ختم کروا کہ اسکو کیا ہے۔ یہ چونکہ کرک اور ڈسٹرکٹ کرک

(مداخلت)

سید قلب حسن: کےډی اے کبنې سیکټر-4 والا فنډ په سیکټر-6 کبنې نه شی استعمالیدې نو دا فنډپه کرک کبنې صابر آباد کبنې یا مندوری ہائی سکول کبنې څنګه استعمالیږی ؟

میاں نثار گل: دیکبنې زما ضمنی سوال دې جی۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری؟

میاں نثار گل: سپلیمنٹری جی۔

جناب سپیکر: لږ صبر اوکړه چې د دې جواب ورکړی۔

میاں نثار گل: نه جی د دې جواب لکه زه نه ورکومه خو زه لږه خبره کومه۔ تاسو ایوان به،د کے ډی اے-----

جناب سپیکر: نه جی ، سپلیمنټری کوئسچن کوئ۔

میاں نثار گل: سپلیمنټری کوئسچن دے۔ Definition Kohat Development Authority, KDA definition Karak Development Authorityد دې خپل فنډز دی۔ کرک ډیویلپمنټ جوړ شوے وو په 1998 کبنې، هغه فنډ بلاک پروت وو۔ په هغې باندې اوس کرک ډیویلپمنټ اتهارټی خپل فنډ دې۔ خو د کوہاټ او د کرک نوم یو دے۔ قلب حسن صاحب به دې وجه نه وائی چې د کوہاټ فنډ کرک ته لاړ دے۔

سید قلب حسن: زما کوئسچن جی ما کوہاټ ډیویلپمنټ اتهارټی کے ډی اے باره کبنې کړے دے ،دا پیسې هلته کبنې استعمال شوی دی، د کوہاټ کے ډی اے پیسې۔

جناب سپیکر: جی ملک ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: جی، یہاں پر تھوڑا شک پیدا ہوتا ہے۔ کرک ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کو کے ڈی اے بولتے ہیں اور کوہاٹ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کو بھی کے ڈی اے بولتے ہیں۔ سر! یہ کرک ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کا جو فنڈ تھا وہ کوہاٹ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی سے ہو کر وہاں منتقل ہوا ہے کرک میں اور کرک میں

(مداخلت)

سید قلب حسن: دا جواب جی ما ته کے ڑی اے اتهارټی نه راغلې دے۔ هغه سر مندوری ہائی سکول دے ، دا هم کوہاټ والا دغه دے۔ دیکښې دا پیسې نه شی استعمالوې او دوئ غلط طریقه کاره سر دا پیسې استعمال کړئی دی۔

جناب سپیکر: جی ملک ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: اگران کو ابھی بھی شک ہے تو میرے خیال میں ہم محکمے کے ساتھ بیٹھ کر اس کا فیصلہ کر لیں گے۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے Next محکمے، آپ منسٹر صاحب کے اور محکمے کے ساتھ بیٹھ کر طے کر لیں۔

سید قلب حسن: منسټر صاحب ته د دې په باره کښې هیڅ معلومات نشته۔ دیکښې تاسو انکوائری مقرر کړئی۔ بلدیات منسټر چې راشی ، هغوی ته تاسو ہدایت اوکړئی چې دیکښې انکوائری مقرر کړئی۔ دیکښې نورې هم ډیرې گهپلې دی۔دا پیپر مونږ ته پرون ملاؤ شوے دے۔

جناب سپیکر: تاسو او د بلدیاتو منسټر صاحب به کیښنی که مطمئن نه شوی نو مطلب دا دے چې بیا۔۔۔۔۔

سید قلب حسن: ٹھیک ده جی۔

جناب سپیکر: او Next سوال نمبر 573 منجانب ابراہیم خان صاحب رکن صوبائی اسمبلی۔

* 573 _ جناب محمد ابراہیم خان، کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی ایف 4 میں پانی کی شدید ضرورت کے پیش نظر وزیر اعلیٰ صاحب نے تین عدد ٹیوب ویل اور دو عدد موٹروں کی تنصیب کے احکامات صادر فرمائے تھے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس سلسلے میں مدنی کالونی کے لئے بذریعہ چٹھی نمبر SO-111/ CMS/6-8-03 مورخہ 24/03/2003 (نوئے کلی) کے لئے چٹھی نمبر DO(P&D)/32-34/CM/17-15 مورخہ 19/03/2003 (برائے 3 عدد ٹیوب ویل) اور ریحان آباد لنڈی ارباب کے لئے چٹھی نمبر SO111/CM-6-8-03 مورخہ 24/03/2003 برائے موٹرز جاری کی گئی؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت مذکورہ علاقوں میں ٹیوب ویلز نصب کرنے اور موٹرز لگانے کا ارادہ رکھتی ہے اور اگر جواب نفی میں وہ تو وجوہات بتائی جائیں ؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) اس سلسلے میں واٹر سپلائی سکیم مدنی کالونی اور واٹر سپلائی سکیم نوے کلی پر کام شروع ہو چکا ہے اور دونوں سکیموں کے ٹیوب ویلز مکمل ہو چکے ہیں باقی ماندہ کام آئندہ چند روز میں شروع ہو جائے گا۔

جبکہ واٹر سپلائی سکیم ریحان آباد اور دو عدد موٹریں برائے گاؤں سواتی اور مشتاق آباد وزیر اعلیٰ صاحب کے احکامات میں شامل ہیں اور ان کے اسٹیمیٹ ابھی منظوری کے مرحلے میں ہیں۔ جیسے ہی انکی منظوری آئے گی ان سکیموں پر بھی کام شروع کر دیا جائے گا۔

جناب سپیکر: مطمئن یئے ؟

جناب ابراہیم خان: مطمئن یم۔ جی

جناب سپیکر: سوال نمبر 623 منجانب سید مرید کاظم شاہ صاحب ایم پی اے (Not present) یہ دیکھیں نا کہ کتنا پلندہ ہے اور اب وہ نہیں ہیں (قہقہہ) سوال نمبر 634 منجانب سید قلب حسن رکن صوبائی اسمبلی۔

* 634 _ سید قلب حسن: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی جانب سے میونسپل کمیٹی کوہاٹ کو گرانٹ دی جاتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو میونسپل کمیٹی کوہاٹ کی گزشتہ تین سالوں کی آمدنی واخراجات اور ترقیاتی کاموں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): (الف) ہاں صرف پراونشل ایوارڈ سے مبلغ 3400000 روپے۔ برائے سال 2003 ملے ہیں۔

(ب) گزشتہ تین سالوں کی آمدنی واخراجات بشمول ترقیاتی اخراجات ذیل ہیں۔

2001-2002۔

1۔آمدن 59693975روپے۔

2۔اخراجات 3461518روپے۔

3۔ترقیاتی اخراجات 10883289روپے۔

نیز ترقیاتی کاموں کی تفصیل منسلک ہے

2002-2003۔

1۔آمدن۔ 66297904روپے۔

2۔اخراجات۔ 43450873روپے۔

3۔ترقیاتی اخراجات۔ 17578509روپے۔

نیز ترقیاتی کاموں کی تفصیل منسلک ہے۔

2003-2004

1۔آمدن 114927769روپے۔

2۔اخراجات 79974923روپے۔

3۔ترقیاتی اخراجات 33342500روپے۔

نیز ترقیاتی کاموں کی تفصیل لائبریری میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

سید قلب حسن: مهربانی صاحب، سر! دیکښې ما گزارش کړے وو چې دا "گزشتہ تین سالوں کی آمدنی، اخراجات اور ترقیاتی کاموں کی تفصیل فراہم کی جائے" د آمدن تفصیل چې کوم دے، دوئ صرف هغه Amount ئے لیکلی دی او هغه تفصیل ئے نه دے لیکلې۔ د یکښې ضمنی کوئسچن زما دا دے سر، چې دا کرایې باندې د کانونه ملی بهگت سره ورکړے شوې دی۔ په سو روپئ ډیړه سو او په دو سو روپئ په کرایه باندې ورکړی دی بیا هغه خلقو هغه دکانونه په دو دو هزار، تین تین هزار باندې ورکړی دی، لکهونه روپئی په دیکښې گړبړ دے۔ اوس جی بیا هغه خبره ده چې منسټر صاحب شته نه، لکه دا کوئسچن ما د دې د پاره کړے وو چې په دیکښې ډیره غټه گهپله ده او زما دا دواړه کوئسچن کمیټی ته حواله کړئی۔۔۔۔

جناب سپیکر: په هغې مخکښې باندې خو خبره اوشوه نو مطلب دا دے چې، جی۔

جناب ظفر اعظم (وزیر قانون): یہاں پر میرے پاس مکمل جو جواب آیا ہے اور محکمہ نے اسمبلی سیکرٹریٹ کے بھی حوالے کیا ہوا ہے۔ یہاں پر تقریباً بیس، پچیس صفحوں کا جواب ہے، جس میں ہر ایک کا علیحدہ علیحدہ دیا ہوا ہے۔۔۔۔۔

سید قلب حسن: د آمدن تفصیل نشته پکښې، ورکښې۔

وزیر قانون: یہ تفصیل ہمارے پاس پڑی ہوئی ہے۔ یہ اسمبلی سیکرٹریٹ کے حوالے کی گئی ہے۔ یہ تقریباً بیس پچیس صفحات پر مشتمل ہے۔ یہ تفصیل میرے پاس پڑی ہوئی ہے۔ اس میں اخراجات بھی ہیں اور آمدن بھی ہے۔۔۔۔۔

سید قلب حسن: اخراجات کا اس میں نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Please, please, no cross talking at all.

وزیر قانون: آپ آمدن بھی دیکھ لیں، آپ دیکھ لیں ادھر بھی، آپ تو گپ لگاتے ہیں۔

جناب سپیکر: آپ جواب دیکھ لیں۔ اس میں آمدن اور اخراجات کی تفصیل ہے۔

سید قلب حسن: د آمدن تفصیل جی نشته، د آمدن تفصیل ما ته پکار دے۔ د آمدن تفصیل چرته کښې دے ما ته د اوښائی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آمدن په 2001 او۔۔۔۔۔

سید قلب حسن: کوم Page باندې دے جی؟ Page اوښائی کنه۔ جناب سپیکر صاحب، په دیکښې د آمدن تفصیل نشته او دا کوئسچن د پینځو میاشتو بعد راغلو او دا ګول مول جوابونه ئے جی ورکړی دی۔ دې وجې نه۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ دیکھ لیں نمبرون 2002-2001 آمدن 5,96,93,975 روپے۔۔۔۔۔

سید قلب حسن: دا 5,96,93,975 روپئی چې کوم دی نو دا خو تفصیل نه دے کنه۔ دا خو بس Direct فګر ورکړے دے۔ زما چې کوم مقصد دے نو هغه دا دے چې دوئ د تفصیل اولیکلی چې مونږ ته پته اولګی چې په دیکښې کومه ګهپله شوې ده د دو هزار کرایه والا دکان دوئ په سو روپئی کرایه باندې ورکړے دے، د هغې مونږ معلومات کوؤ۔

جناب سپیکر: ملک ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: اگر دو ہزار کی دکان ہم نے ایک سو روپے پر دی ہے اور وہ اگر ان کے علم میں ہو تو وہ ہمیں بتا دیں، ہم اس پر انکوائری مقرر کر دیں گے۔

سید قلب حسن: دوئ دې تفصیل ور کړی، بس خبره به ختمه شی کنه۔

Mr. Speaker: Please don’t cross talking, please. Address the chair, please.

Minister for Law: I am so sorry, I am sorry sir.

اگر انکو معلوم ہے کہ ایسا کوئی گھپلا ہوا ہے تو پھر معزز رکن اسکو Identify کریں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پہلے انکو سنیں۔ پھر آپ (مداخلت) حبیب الرحمان خان! آپ تشریف رکھیئے۔ جب ایک معزز رکن یا منسٹر فلور پر ہوں تو دوسرے کو میں آپکو موقع دونگا۔ لیکن پہلے جو سپلیمنٹری کوسچن ہو اہے۔ اسکا جواب تو سن لیں نا جی۔

وزیر قانون: ہم نے آمدن کے بارے میں یہاں پر بتایا ہے جی 2001 اور 2002 کے بارے میں جی۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ تفصیل کے بارے میں ہے، یہ تو آپ نے Lump sum بتا دیا ہے۔

وزیر قانون: جی ہاں! ابھی انکا کوسچن یہ ہے کہ انہوں نے دکانیں جو ہیں جو فراڈ سے، یا مطلب ہے کہ Un fair means سے ایک ہزار کی دکان ایک سو روپے کرایہ پر دی ہے اور سو روپے کی دکان پانچ روپے پر دی ہے۔ اگر انکو معلوم ہے کہ اس سے آمدن کم ہو رہی ہے گورنمنٹ کو نقصان ہو رہا ہے تو وہ Identify کر لیں۔ ہمارے ساتھ بیٹھ کر ہم Action لینے کے لئے تیار ہیں۔

جناب سپیکر: جناب قلب حسن خان۔

سید قلب حسن: جناب والا زما گزارش دا دے چې زمونږه کوم آمدن دے نو د هغې تفصیل د اوبنائی په دیکښې جواب چې کوم دے هغه Lump sum ور کړے شوے دے۔ زما گزارش دا دے چې ما ته پته ده۔ ځکه چې زه د هغې حلقې ممبر یمه چې په دیکښې گهپلې شوی دی، مونږه ته د تفصیل سره Details را کړی جی بس دغه کوئسچن دے۔

جناب سپیکر: جی، ملک ظفر اعظم صاحب!

جناب حبیب الرحمان: سپیکر صاحب جی زه وضاحت کومه۔

وزیر قانون: ٹھیک ہے جی اگر یہ آمدن کی تفصیل چاہتے ہیں تو ہم اجلاس کے دوران کسی ٹائم انکو آمدن کی تفصیل دے دیں گے۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔

وزیر قانون: ہاں جی۔

جناب سپیکر: جی بشیر احمد بلور صاحب! سپلیمنٹری ہے؟

جناب بشیر احمد بلور: ہاں جی۔ میں آپکی توجہ اس بات کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ انہوں نے کوئسچن صاف لکھا ہے کہ ہمیں تفصیل مہیا کی جائے۔ یہ کوئسچن جو ہے، جیسے پہلے یہ بات شاہ صاحب نے کہی کہ منسٹر صاحب انٹرسٹ نہیں لیتے اسمبلی میں، تو آپ مہربانی کرکے ذرا منسٹر صاحب کو کہیں، بلدیات کے منسٹر کو کہ وہ یہاں موجود رہیں۔ انکا کیا اتنا ضروری کام ہوتا ہے کہ۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سپلیمنٹری کوئسچن یہ ہے جی۔

جناب سپیکر: جی جی۔ عبدالاکبر خان صاحب!

Mr.Abdul Akber Khan: Is it incomplete answer? It is not in complete answer?

میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! کیا یہ نامکمل جواب نہیں ہے؟ کیا یہ نامکمل جواب نہیں ہے۔ تاسو ته په دې باره کښې موقع درکومه۔

جناب حبیب الرحمان: هم په دې باره کښې موقع راکړئی۔

جناب سپیکر: هم په دې باره کښې موقع درکومه کنه۔

وزیر قانون: میں اسکو اپنی استطاعت کے مطابق نامکمل جواب نہیں سمجھتا، مکمل سمجھتا ہوں کیونکہ آمدن ہم نے بتائی ہے کہ اتنی آمدن ہماری ہے ڈسٹرکٹ کرک، کے ڈی اے کی اور اخراجات جو ہم نے کئے ہیں۔ ان پر کوئی معترض ہو سکتا ہے۔ اخراجات کی تفصیل ہم نے مکمل دی ہوئی ہے۔ اگر یہ چاہیئے تو، میں پھر بھی

ان کے ساتھ اتفاق کرتا ہوں کہ اگر ان کی یہی بات ہے کہ ہمیں آمدن بھی بتائی جائے کہ آمدن ایک ایک روپے دو دو روپے بتائی جائے کہ فلاں دکان سے فلاں دکان سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ تفصیل کے بارے میں ہے، ڈیٹیل۔

وزیر قانون: وہ تفصیل بھی ہم مہیا کر دیں گے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، جب انہوں نے سوال میں تفصیل پوچھی ہے تو تفصیل اس کے ساتھ پوری کیوں نہیں دی گئی ہے؟

جناب بشیر احمد بلور: آپ جز(ب) کو پڑھیں جی، آپ پڑھ کر یہ بتائیں کہ آپ نے کیا لکھا ہے؟ جز(ب) میں یہ لکھا گیا ہے کہ اگر جواب اثبات میں ہو۔۔۔۔۔

وزیر قانون: کہ "میونسپل کمیٹی کوہاٹ کی گزشتہ تین سالوں کی آمدن، اخراجات اور ترقیاتی کاموں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے"

جناب سپیکر: جی۔ حبیب الرحمان خان!

جناب حبیب الرحمان: سپیکر صاحب! جواب بالکل Upto the point دے۔ تاسو گورئی دې (ب) جز ته اوگوری "کوہاٹ کی گزشتہ تین سالوں کے آمدنی، اخراجات اور ترقیاتی کاموں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے" دا دوه فقرې دی۔ د آمدن تفصیل دوئ نه دې وئیلے په دې سوال کښې او د اخراجاتو تفصیل دوئ غوښتې دے۔ تاسو دې فقرې ته Grammatically اوگورئی، بالکل جواب Upto the point دے۔ هيڅ قسمه په دیکښې د آمدن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: قلب حسن صاحب! زما په خیال که تاسو اوگورئی یونین کونسل وائز هغوی بالکل مطلب دا دے چې جواب ورکړے دے۔ نو بیا هم۔۔۔۔۔

سید قلب حسن: زمونږه کوئسچن د ا دے چې آمدن کی تفصیل فراہم کی جائے بس Simple اوس که په دې باندې دوئ نه پوهیږی۔

جناب سپیکر: جی ہاں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! Comma کا مطلب کیا ہوتا ہے؟ Comma کا مطب اور ہوتا ہے تو آمدنی اور اخراجات اگر Comma لگایا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آمدن اور اخراجات دونوں کی تفصیل۔۔۔۔۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر صاحب! میرے خیال میں قلب حسن صاحب کا موقف درست لگتا ہے کہ واقعی وہاں پر دو دو ہزار روپے کی دکان ایک سو روپے کرایہ پر دی جارہی ہے۔ شاید اس لئے محکمے نے جواب دینا گوارہ نہیں کیا اور اس میں ہم سب کا Interest ہے کہ ریونیو بڑے۔۔۔۔۔

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب! یہ انکی نشاندہی کرلیں ہم انکا ساتھ دینے کے لئے تیار ہیں۔۔۔۔۔

سید قلب حسن: سپیکر صاحب! په دیکښې زما یو ګزارش واورئی جی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کس کی بات سنو۔ مشتاق غنی کی یا آپ کی؟ اس پر کافی بحث مباحثہ ہو گیا ہے اگر آپ مطمئن نہیں ہیں تو یا تو آپ رول 48 کے تحت نوٹس دے دیں۔ کہ منسٹر صاحب نے تو کہتا ہے کہ اسکی ہم انکوائری کریں گے۔

سید قلب حسن: بس جی کمیټی ته ئے حواله کړئی۔ کمیټی ته ئے حواله کړئی۔

جناب سپیکر: ملک ظفر اعظم صاحب!

وزیر قانون: کمیٹی کی ضرورت تو مجھے دکھائی نہیں دیتی میں تو یہی سمجھتا ہوں کہ آمدن ٹوٹل ہم نے بتادی ہے اگر یہ متعرض ہیں کہ یہ ٹوٹل آمدن تین سالوں کی محکمہ نے ہمیں جو دی ہوئی ہے یہ غلط ہے یا وہ پیش نہیں کر سکتے یا اس میں چوری ہوئی ہے یا بدیانتی ہوئی ہے۔ تو ہم انکو وہی آمدن کی پوری ڈیٹیل اس اجلاس کے دوران دے دیں گے۔ تو اس میں کمیٹی کی کیا ضرورت ہے کہ کمیٹی کے حوالے کردیں؟۔۔۔۔۔

سید قلب حسن: دا سوال د Pending کړئی شی او تفصیل د ورکړی نو بیا به پرې خبره اوکړو۔

وزیر قانون: یہ Pending کیوں ہو جائے تفصیل ہم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یا تو آپ از خود اس میں انکوائری کر لیں اور ممبر صاحب کو اعتماد میں لے لیں۔ آپ ممبر صاحب کو تفصیل بتا دیں۔ انکا جو موقف ہے کہ بھائی کرایہ کہیں زیادہ ہے اور مطلب یہ ہے کہ کم وصول ہو رہا ہے۔ گورنمنٹ کو آمدن کم ہو رہی ہے اس سے تو آپ پوری تفصیل انکو دے دیں۔ انکو مطمئن کریں۔

وزیر قانون: وہ ہم دے دیں گے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے Next سوال نمبر 663، منجانب جناب عتیق الرحمان صاحب، رکن صوبائی اسمبلی ۔Absent۔ سوال نمبر 668 منجانب میاں نثار گل صاحب، رکن صوبائی اسمبلی۔

* 668 _ میاں نثار گل: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل میونسپل کمیٹی کرک میلوں، ٹول، آڈہ، پراپرٹی اور معدنیات پر لگائے گئے ٹیکس وصول کرتی ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ کمیٹی میں مختلف عہدوں پر ملازمین اپنے فرائض انجام دیتے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) تحصیل میونسپل کمیٹی کرک میں ملازمین کی تعداد بمعہ تنخواہ اور کہاں کہاں فرائض سرانجام دے رہے ہیں کی تفصیل ہر ایک کی الگ الگ فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ کمیٹی میلوں، ٹول، آڈہ، پراپرٹی اور معدنیات پر لگائے گئے ٹیکس سے جتنی آمدن حاصل کرتی ہے انکی تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) مذکورہ کمیٹی نے 30 جون 2001 تا 30 جون 2002 اور 30 جون 2002 سے تاحال ٹیکس کی مد میں جتنی آمدنی حاصل کی ہے الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز تحصیل میونسپل کمیٹی کرک کیوں ناکامی سے دوچار ہے تفصیل فراہم کی جائے؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): (الف) ہاں سوائے ٹول، معدنیات۔

(ب) ہاں۔

(ج) (i) سٹاف پوزیشن لف ہے Annex-A۔

(ii) (iii) ٹیکس کی مد میں آمدنی برائے سال 2001-2002 اور 2002-2003 لف ہے۔ Annex-B۔

مزید یہ کہ ٹی ایم اے کرک کی مالی بحران کی وجوہات مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔ اکٹرائے ٹیکس/ایکسپورٹ ٹیکس کی مد میں موصولہ ماہانہ قسط پہلے خو موصولہ ٹیکس سے کم ہے۔

2۔ سابقہ میونسپل کمیٹی کرک اور سابقہ ڈسٹرکٹ کونسل کرک کے بیشتر ملازمین ٹی ایم اے کرک میں ایڈجسٹ کی گئی۔

3۔ سابقہ میونسپل کمیٹی اور سابقہ ڈسٹرکٹ کرک کی واپڈا بقایا جات اور ٹھیکیداروں کے بقایا جات اور Contingencies بقایا جات کی ادائیگی کی وجہ سے مالی پوزیشن کمزور ہوگئی۔ واضح ہو کر صوبائی حکومت نے واپڈا کے بقایاجات کے سلسلے میں کونسل ہذا کے ماہانہ اقساط برائے اکٹرائے ٹیکس براہ راست کاٹ کر ٹی ایم اے کرک کو مالی بحران سے دوچار کرنے میں اہم کردار کیا۔

(باقی تفصیل لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں)

جناب سپیکر: میاں صاحب مطمئن ہیں۔

میاں نثار گل: نا جی۔ شکریہ، جناب سپیکر۔ سوال بھی کرک کا، منسٹر صاحب بھی کرک کے، بحران بھی کرک کا۔ جناب سپیکر! میرا ضمنی سوال اس میں یہ ہے۔ اس سوال کو جمع کرنے کا میرا مقصد یہ تھا۔۔۔۔

جناب سپیکر: میاں نثار گل صاحب!

میاں نثار گل: جی سر! تحصیل میونسپل کمیٹی کرک۔ یہ آخری فقرہ میں آپ کو پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی، سپلیمنٹری۔

میاں نثار گل: اس میں نے لکھا ہے کہ: تحصیل میونسپل کمیٹی کرک کیوں ناکامی سے دوچار ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟" جناب سپیکر! یہ اسی ہزار لوگوں کی آبادی ہے ہر مہینے یہاں پر ہڑتالیں ہوتی رہتی ہیں اور محکمے نے خود لکھا ہے کہ ٹی ایم اے کرک مالی بحران کی وجوہات مندرجہ ذیل ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اس سے ثابت ہوا۔ کہ یہ ٹی ایم اے ناکام ہوگئی ہے۔ تو جناب سپیکر یہ لکھتے ہیں کہ Oct اکٹرائے ٹیکس/ ایکسپورٹ ٹیکس کی مد میں موصولہ ماہانہ قسط پہلے خود موصولہ ٹیکس سے کم ہے۔ سابقہ میونسپل کمیٹی کرک اور سابقہ

ڈسٹرکٹ کونسل کرک کے بیشتر ملازمین ٹی ایم اے کرک میں ایڈجسٹ کئے گئے ہیں۔جناب سپیکر! یقین کریں کہ یہ Main تحصیل سٹی کا مسئلہ ہے اور ہر دو مہینے کے بعد ہڑتالیں ہوتی رہتی ہیں اور دس، زیادہ دن ان لوگوں کو پانی کے مسائل سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ میں نے یہ سوال جو جمع کیا تھا۔ میں یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس سوال پر انکوائری کی جائے کہ ٹی ایم اے کرک ناکام کیوں ہوئی ہے اور اسی ہزار لوگوں کو تکالیف کیوں ہیں؟ میں اور منسٹر صاحب بھی کرک گئے ہیں اور ان کو بھی پتہ ہے کہ روزانہ اسی مسئلے کی وجہ سے ہڑتالیں ہوتی رہتی ہیں۔ میں یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ سوال ایسی اسی ہزار آبادی کی خاطر کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ اس میں جو گھپلے ہو رہے ہیں یا لوگوں کو جو تکالیف ہیں کیونکہ جب سے یہ ٹی ایم اے بنی ہے ہڑتالوں کی وجہ سے لوگوں کو پانی کا مسئلہ ہے اسکا 93 افراد کا سٹاف ہے جو کہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ نے اسی ٹی ایم اے میں ایڈجسٹ کیا ہے اور ان کی تنخواہوں کا بحران بھی ہے اور لوگوں کو پانی کا مسئلہ بھی ہے۔

<u>قاری محمد عبداللہ</u>: پوائنٹ آف آرڈر۔No supplementary۔

<u>جناب سپیکر</u>: ملک ظفر اعظم صاحب! جی، جی۔

<u>وزیر قانون</u>: وہ تو مطمئن نظر آ رہے ہیں۔ پانی کا مسئلہ تو تقریباً سارے ڈسٹرکٹ کرک میں ہے جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>وزیر قانون</u>: پانی کا مسئلہ، اس میں تو یہ نہیں ہے۔ پانی کا مسئلہ ضلع کرک کا گاؤں گاؤں میں ہے۔ اس کے لئے حکومت نے تقریباً ڈرائیڈ پروگرام شروع کیا ہوا ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: کیا بونیر میں نہیں ہے، صرف کرک میں ہے؟

<u>وزیر قانون</u>: سر! یہ کرک کے متعلق سوال ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا اچھا۔

<u>وزیر قانون</u>: بونیر بہت پسماندہ ہے کرک سے بھی۔

<u>میاں نثار گل</u>: میرا مطلب اس سوال سے یہ نہیں ہے۔ کہ میں پانی کے لئے گرانٹ چاہتا ہوں۔ پانی کی لائنیں بچھی ہوئی ہیں، لوگوں کے گھروں میں نلکے لگے ہوئے ہیں لیکن ٹی ایم اے کے سٹاف کی ہڑتالوں کیوجہ سے لوگوں کو بحرانوں سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ اسکو۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ ٹی ایم اے سٹاف کی In- efficiency کے بارے میں بات کر رہے ہیں جی۔

میاں نثار گل: میں تو سٹاف کے بارے میں بات کرتا ہوں، پانی کے لئے فنڈ مجھے نہیں چاہیئے۔

وزیر قانون: جناب والا! آج تک تو کرک سٹی سے، اگر ان کا مطلب کرک کی Proper city ہو تو وہاں سے کوئی ایسا احتجاج یا جلوس یا کچھ ایسی کوئی بات نہیں آئی ہے۔ سر! آپ ہماری طرف توجہ دیں

(قہقہے، تالیاں)

جناب سپیکر: آپ ٹھیک فرما رہے ہیں۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! میں اس سوال کے جواب سے مطمئن نہیں ہوں۔ اس لئے میں نے جو کہا ملک ظفر اعظم صاحب کرک سے Belong کرتے ہیں اور اسی جگہ کا روزانہ پانی پیتے ہیں۔ ان کو کس طرح پتہ نہیں کہ وہاں ہڑتالیں ہوتی نہیں ہیں، ہر دو مہینے میں ہڑتالیں ہوئی ہیں اور جناب سپیکر! چیف منسٹر۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Order please.

میاں نثار گل: جناب ظفر اعظم صاحب! آپ کے نوٹس میں ایک بات لانا چاہتا ہوں کہ وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد نے اس کے لئے بیس لاکھ روپے کی سپیشل گرانٹ بھی دی تھی جو کہ ابھی تک نہیں ملی ہے۔ اس لئے وہاں پر ہڑتالیں ہوتی ہیں آپ کو پتہ ہونا چاہیئے اور ہو رہی ہیں، آپ کرک کسے Belong بھی کرتے ہیں اور آپ کو پتہ نہیں ہے کہ کرک سٹی میں ٹی ایم اے کے ممبران کی وجہ سے ہڑتالیں ہوتی رہتی ہیں۔

جناب سپیکر: پلیز، پلیز۔ آپ توجہ سے سن رہے ہیں۔ آپ توجہ سے جواب دے دیں۔

وزیر قانون: جناب سپیکر! آپ میری بات توجہ سے سنیں۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر قانون: آج آپ بڑے اچھے موڈ میں ہیں، تھوڑی ہماری طرف بھی توجہ دیا کریں جی۔ میرا یہاں پر جو کوسچن ہے، وہ ٹی ایم اے کا ہے کہ ٹی ایم اے Losses میں جا رہی ہے اور کیوں جا رہی ہے، کیا Burden ہے اس پر؟ اور یہاں پر پانی کا مسئلہ ہی نہیں۔ آپ اس کوسچن کو دیکھیں جی۔ یہ اسکے آخر میں آتا ہے کہ نیز تحصیل میونسپل کمیٹی کرک کیوں ناکامی سے دوچار ہے۔ تفصیل فراہم کیا جائے؟ آپ تھوڑا اپنے اس کوسچن کو دیکھیں جی جو کہ آپ کے سامنے ہے۔ یہاں پر پانی کا مسئلہ نہیں اٹھایا گیا ہے۔ اگر پانی کے مسئلے کے متعلق بات ہو تو اس پر Fresh question لائیں تو ہم اس پر توجہ دیں گے۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! میرا عرض یہ ہے کہ ٹی ایم اے کرک پانی بھی فراہم کرتی ہے اور مسائل یعنی صفائی بھی کرتی ہے۔ سارا کام ٹی ایم اے کرک کرتی ہے۔ تو یہ سارے مسائل، وہاں جب انکو تنخواہیں نہیں مل رہیں۔ تو وہاں گندگی بھی پڑی ہوگی، پانی کے نلکے بھی بند ہونگے اور سارا کچھ بھی ہوگا تو اس میں سارے مسائل جمع ہیں۔۔۔۔۔

وزیر قانون: میں نثار بھائی سے متفق ہوں لیکن انکا جو کوئسچن ہے، اس میں اسکا ذکر ہی نہیں ہے۔ ہاں اگر ذکر ہو جائے تو اسکا جواب دے دیں گے جی۔

میاں نثار گل: جناب اس بحران کی وجہ یہ ہے کہ ادھر سٹاف زیادہ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میاں صاحب! آپ نے سٹاف کے بارے میں پوچھا ہے اور ناکامی کے بارے میں پوچھا ہے۔ آپ نے پانی کی فراہمی کے بارے میں نہیں پوچھا ہے۔

میاں نثار گل: نہیں، ناکامی کا مطلب یہ ہے کہ اس میں علاقے کے سارے مسائل آتے ہیں، جو بھی مسائل ہیں۔

جناب سپیکر: چونکہ یہ Fresh information ہے۔۔۔۔۔

میاں نثار گل: سر! اس سوال کو اٹھائے آٹھ مہینے گزر چکے ہیں اور یہ اب فلور پر آیا ہے۔ آٹھ مہینے اور گزر جائیں گے اور ہم گھروں میں بیٹھ جائیں گے اور لوگوں کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ مطلب یہ ہے کہ یہ سوال آٹھ مہینے پہلے میں نے جمع کرایا تھا اور آج اس اسمبلی کے فلور پر آیا ہے اور پھر آٹھ مہینے کے بعد لوگوں کے مسائل اسی طرح رہیں گے اور ہم آخر میں گھروں میں بیٹھ جائیں گے اور مسائل حل نہیں کرینگے۔ میرا مطلب یہ ہے کہ ٹی ایم اے کرک ناکام کیوں ہے؟ حکومت کو چاہئے کہ اسکی ناکامی کے اسباب معلوم کرے تاکہ لوگوں کی اسی ہزار آبادی کو بنیادی سہولیات مل سکیں۔

جناب سپیکر: جی! ملک ظفر اعظم صاحب!

وزیر قانون: جناب والا! میں نثار بھائی کو صرف یہاں پر جو جواب موصول ہوا ہے کہ ناکام کیوں ہے، وہ یہ ہے کہ یہاں کا اکٹرائے ٹیکس اور ایکسپورٹ ٹیکس سنٹرل گورنمنٹ کے پاس چلا گیا ہے اور میرے خیال میں نواز شریف کے دو میں چلا گیا تھا تو اسکی وجہ سے ٹیکس کی آمدنی میں کمی ہوئی ہے۔ باقی Devolution

plan کے تحت یہ ٹی ایم اے فلانہ ڈیگا، سابقہ ڈسٹرکٹ کونسل کے جتنے بھی ایمپلائز تھے اور جتنا بھی فنڈز تھا ،وہ Distribute ہو کر اور جو ایمپلائز تھے، وہ سارے ٹی ایم اے کرک میں شامل ہو گئے۔ جس طرح یہاں پر بھی ہو چکے ہیں چونکہ یہاں پر سارے لوکل لوگ اس پر بھرتی ہوئے تھے اور وہ ٹی ایم اے میں جانا پسند نہیں کرتے تھے، اب بھی یہ نثار بھائی کا حلقہ ہے، اگر یہ چاہیں تو اس میں تفصیل دی گئی ہے کہ فلاں بندہ کہاں پر کام کر رہا ہے اور فلاں بندہ یہاں پر کام کرتا ہے۔ اگر یہ چاہیں تو وہ نام بتا دیں گے ہم وزیر صاحب سے اور ناظم سے سفارش کر لیں گے کہ ایم پی اے صاحب کی یہ خواہش ہے کہ ان لوگوں کو نوکریوں سے نکالا جائے۔ تو انکو نکال کر اس پر سے بوجھ ہلکا کر دیا جائے گا

(آوازیں/شور)

میاں نثار گل: مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ملک ظفر اعظم صاحب تحصیل کرک کے تحت نصرتی کی ٹی ایم اے کے Representative ہیں۔ میرا یہ مطلب نہیں ہے کہ میں اس ٹی ایم اے کے لوگ ٹرانسفر کرانا چاہتا ہوں۔ ابھی مجھے کھل کر بولنا پڑے گا۔ تحت نصرتی کے ٹی ایم اے جو کہ ملک ظفر اعظم صاحب کا حلقہ ہے، وہ اپنا ڈیفنس کرانا چاہتے ہیں کہ اس حلقے میں لوگ نہ آئیں کم از کم ظفر صاحب، ہم ڈسٹرکٹ کرک کے رہنے والے ہیں۔ آج اگر وزیر بلدیات ہوتے تو میرے خیال میں سوال کو سمجھ سکتے کہ میرا مطلب کیا ہے کہ ایک ٹی ایم اے میں 93 لوگ ایڈجسٹ ہو گئے ہیں اور باقی ٹی ایم اے خالی پڑے ہیں اور آپ Resist کر رہے ہیں۔ میرا مطلب یہ ہے کہ مل بیٹھ اگر یہ سوال حل کریں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: This is not supplementary اگر آپ اور منسٹر صاحب، مطلب یہ ہے کہ ملیں اور جو بھی سٹاف ڈیوٹیاں نہیں کر رہے اور اسکی جو بھی کوتائیاں اور کمی ہے تو اس پر بات ہو سکتی ہے۔ مزید اگر آپ اس کو Agitate کرنا چاہتے ہیں تو رول 48 کے تحت آپ نوٹس دے دیں تو پھر اس مسئلے پر تفصیل کے ساتھ اس ہاؤس میں Deliberations ہو نگی۔

میاں نثار گل: میں اس سوال کے جواب سے مطمئن نہیں ہوں۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب بشیر احمد بلور: یو منټ ما ته پریږدئ ، ما ته یو منټ اجازت راکړئ چې دوئ یوه خبره اوکړله چې د نوازشریف په دور کښې هغه کړائے چې کوم دے نو هغه ختم

کړے شوې ده۔ نو په دې وجه باندې دا آمدن کم شو نو د دې سره دا پرابلم جوړیږی For the information of Minister for Law and Parliamentary Affairsدا ټهیک ده چې هغه مرکزی حکومت ختم کړی وو ۔خو بیا سیلز ټیکس اولګیدو د هغه سیلز ټیکس پیسې مرکزی حکومت وصولوی هم چې څومره ګرانټ به مخکښې په هغه Octroy باندې راتلو۔ نو هم د هغې برابر ګرانټ صوبو ته ملاویږی نو پکار دا ده چې د دوئ چې کوم د اکړائې پسې کمې شوی دی نو هغه صوبائی حکومت ته راغلی دی۔ هغه پیسې د ورله ورکړی نو د دوئ دا پرابلم به حل شی۔

وزیر قانون: میں آپ کے ساتھ متفق ہوں اور میں یہی انکو سمجھانے کی کوشش کررہا ہوں کہ آپ ادھر ادھر جب جارہے ہیں تو اسکی بجائے اسکی آمدنی سیل ٹیکس میں آرہی ہے صوبے کو تو صوبے سے اپنی ٹی ایم اے کے لئے وہ کریں جی۔

جناب سپیکر: سوال نمبر 686 الحاجیہ غزالہ حبیب صاحبہ رکن صوبائی اسمبلی، میاں صاحب! آپ بیٹھ جایئے۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! میں اپنے سوال کے جواب سے مطمئن نہیں ہوا ہوں اور اس سوال پر اسمبلی کے فلور پر بحث کی اور پندرہ، بیس منٹ تک اسمبلی کا ٹائم ضائع کیا۔ اس لئے کہ آپ یہ اسی ہزار لوگوں کا مسئلہ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ رول 48 کے تحت نوٹس دے دیں۔

میاں نثار گل: میں نوٹس دیتا ہوں۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔ آپ نوٹس دے دیں۔ سوال نمبر 686 منجانب الحاجیہ غزالہ حبیب صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی۔

* 686 _ الحاجیہ غزالہ حبیب: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 1994 تا 1996 ممبران اسمبلی کی وساطت سے خرچ کئے جانے والے (CUP) فنڈ کی گائیڈ لائن میں ڈسپنسریاں تعمیر کرنے کا اختیار دیا گیا تھا;

(ب)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ کی وساطت سے کپ فنڈ سے سابقہ حلقہ پی ایف 57 میں 49عدد ڈسپنسریاں تعمیر ہوئی ہیں؛

(ج)اگر(الف)و(ب) کے جواب اثبات میں ہوں تو مذکورہ تمام ڈسپنسریوں کی تفصیل فراہم کی جائے نیز حکومت کب تک ان ڈسپنسریوں کو سٹاف مہیا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

سردار محمد ادریس(وزیر بلدیات): (الف) درست ہے۔

(ب)حلقہ پی ایف 57 میں 41ڈسپنسریاں تعمیر ہوئی ہیں۔ تفصیل نیچے دی گئی ہے:

LIST OF NON-FUNCTIONAL DISPENSARIES CONSTRUCTED UNDER VAIOUS PROGRAMES UN PF-57 DISTRICT MANSEHRA.

S. No.	Name of Civil Dispensaries.
1.	Moorat Mera.
2.	Seri Gorai
3.	Thathi Kalan
4.	Kundian.
5	Mat serian
6.	Kalwal
7.	Dum Nallah
8.	Ling
9.	Davil
10.	Chamrasi
11.	Neel Patia
12.	Peela Kari
13.	Degri.
14.	Bucha Pandi
15.	Jund Seri.
16.	Dara Gidu Bagle.
17.	Sehki.
18.	Heryala.
19.	Bai
20.	Bahan Makhan Gali.
21.	Gujjar Gali.
22.	Sinjli.
23.	Parkhain.
24.	Shanain.

25. Chamial.
26. Kotera.
27. Bagwai.
28. Ramkot.
29. Poodnial.
30. Khail.
31. Gujran.
32. Seri Meher Gul.
33. Khalyala.
34. Basangar.
35. Sunj.
36. Seri Gali.
37. Gallain.
38. Sawan Mera.
39. Chamari.
40. Trari.
41. Thakra.

(ج) تمام مذکورہ ڈسپنسریوں کی لسٹ درج ذیل محکمہ خزانہ کو ان آسامیوں کے لئے رجوع کیا گیا ہے جن کی منظوری اگلے سال تک آنے کی امید ہے منظوری کے بعد ان میں سٹاف مہیا کیا جائے گا۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری سوال ہے؟

الحاجیہ غزالہ حبیب: اس میں میری سپلیمنٹری یہ ہے کہ اسکی تعمیر پر پہلے سات سال گزر چکے ہیں اور یہ بند پڑی ہے جس سے غریب لوگوں کو انتہائی تکلیف کا سامان ہے اور انہیں چھوٹی چھوٹی تکالیف کے لئے بھی دور دراز ہسپتالوں میں جانا پڑتا ہے۔ تو میں آنریبل منسٹر ہیلتھ سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ کیا وہ اس سوال کی یقین دھانی کراتے ہیں کہ وہ اس سال اس میں تعنیاتی کا حکم صادر فرمائیں گے؟

جناب سپیکر: یہ تو بلدیات کے منسٹر سے سوال ہے اور آپ۔۔۔۔۔

الحاجیہ غزالہ حبیب: یہ ڈیپارٹمنٹ انکا ہے۔

جناب سپیکر: یہ بلدیات کے کپ پروگرام سے متعلق ہے۔

الحاجیہ غزالہ حبیب: ڈسپنسریوں میں تعیناتی وزیر صحت صاحب نے کرنی ہے تو اس لئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی ملک ظفر اعظم صاحب!

جناب حبیب الرحمان: په دیکښې زما یو ضمنی سوال دے۔

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب! غزالہ حبیب صاحبہ نے جو کوئسچن کیا ہوا ہے۔ وہ کپ فنڈ کے متعلق ہے اس زمانے میں ڈسپنسریاں تعمیر کرنے کی اجازت تھی تو اس فنڈ کے تحت جو ڈسپنسریاں قائم ہوئی ہیں، وہ یقیناً بلدیات کی طرف سے تعمیر ہوئی ہیں۔ لیکن بلدیات نے اسکو Hand over کیا ہوا ہے ہیلتھ کو، لہذا یہ ہیلتھ کے ساتھ اب Related ہے۔ جی۔

جناب سپیکر: جی۔ حبیب الرحمان خان!

جناب حبیب الرحمان: زه جی دا عرض کومه په دیکښې سوال کښې، په PF-57 کښې صرف 49 ډ سپنسری د کپ فنډ نه جوړې شوی دی۔ نو که دې دغې حکومت دومره کارکردگی کړې وی، هغه وخت کښې 80 سیټونه وو نو چار ہزار ډ سپنسری پکار ده چې په کپ فنډز کښې جوړې شوی وو۔ نو د دې دغه کول غواړی نو که په انصاف وی خو پکار ده چې په ټولو حلقو کښې دومره دومره جوړې شوې وې۔ دغه شان په تعمیر وطن پروګرام کښې په بونیر کښې هم شپاړس ډ سپنسری جوړې شوی دی مخکښې هم د اسمبلی په فلور باندې داخبره مونږ راوستې وه۔ خو ہیلتھ منسٹر صاحب وئیل چې دا مونږه ته نه دی حواله شوی۔ نو که د دې پاره څه لار راوباسی د ټولو Smooth طریقه چې دا ډ سپنسری په کار دوئ راولی او مطلب دا دے چې دوئ دغه اوکړی۔

Mr. Speaker: Minister for Health.

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): بسم اللہ الرحمن الرحیم! محترم سپیکر صاحب! حبیب الرحمان صاحب نے نشاندہی کی۔ کہ اس طریقے سے کپ فنڈ کے تحت بھی بنی ہیں۔ بہت زیادہ ڈسپنسریاں اور مختلف پروگرام کے تحت، فیڈرل پروگرام کے تحت، جو ایم این ایز کو فنڈز ملتے تھے انکے تحت بھی بنی تھیں اور اس وقت ڈسپنسریوں کی بہت بڑی تعداد ہے۔ ہم نے اس سال اپنے محکمے کو یہ Instructions دی ہیں کہ وہ پوری تفصیلات جمع کریں، ویسے ممکن تو نہیں ہے کہ سب کے لئے آسامیاں Sanction کی جائیں، لیکن حکومت دیکھے گی کہ جنکی Proper handing and taking over ہوئی ہیں اور وہ Complete ہو گئی ہیں، حکومت Privatize کرے گی، حکومت اپنی فنانشل پوزیشن کو سامنے رکھ کر Privatize کرے

گی۔۔ کہ کن کن کو ہم فوری طور پر سٹاف مہیا کر سکتے ہیں۔ کیونکہ اگر ہم یہ Commitment فلور آف دی ہاؤس پر کریں گے۔ مطلب یہ ہے کہ جو چار ہزار یا تین ہزار بنی ہیں یا جتنی بھی بنی ہیں۔ ان سب کو ہم وہ فراہم کریں گے تو یہ ممکن نہیں رہے گا۔

جناب سپیکر: Next سوال نمبر 733 منجانب اسرار اللہ خان گنڈا پور صاحب ایم پی اے۔ سوال نمبر 733 منجانب جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور صاحب رکن صوبائی اسمبلی۔(Absent) سوال نمبر 751 منجانب میاں نثار گل صاحب رکن صوبائی اسمبلی۔

* 751 _ میاں نثار گل: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سب انجنیئر کی جائزہ رپورٹ کے مطابق حلقہ PF-40 کی سڑکوں کی حالت انتہائی خراب ہیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ حلقہ میں مندرجہ ذیل علاقوں کی سڑکیں خراب حالت کی وجہ سے انتہائی توجہ کی حامل ہیں؛

(i) نیازی ویل تالوسہ سر۔

(ii) نرس پنوس تا خرم۔

(iii) کرک تا صابر آباد۔

(iv) بلال چوک تا غنڈی میر خان خیل۔

(v) بانڈہ داود شاہ تا ٹیری۔

(vi) ٹیری تا گرگری۔

(vii) کبیر کلہ تا ڈیلی میلہ۔

(viii) صابر آباد تا علی خیل۔

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک مذکورہ سڑکوں پر کام شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) کرک تا صابر آباد سڑک کے لئے فرنٹئیر ہائی وے اتھارٹی PC-1 تار کر رہی ہے۔ نیز مالی مشکلات کے باوجود باقی تمام ضلعی سڑکوں کی سالانہ مرمتی کے لے لئے اس سال مبلغ Rs.2,674,000/. مہیا کئے گئے ہیں جن میں سے بعض سڑکوں پر مرمت کا کام جاری ہے اس وقت پیچ ورک نہیں ہو سکتا۔ گرمی کے موسم میں اس پر کام کیا جائے گا۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! میں احتجاجاً آج اپنے سوالوں پر بحث نہیں کرنا چاہتا ہوں تھینک یو

(تالیاں)

جناب سپیکر: سوال نمبر 754 میاں نثار گل صاحب ایم پی اے۔

* 754 _ میاں نثار گل: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 94-1993 کے دوران ایم پی ایز فنڈز سے مختلف دیہات کو بجلی فراہم کرنے کے لئے صوبائی خزانے سے رقم جمع کرائی گئی تھی؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل کرک اور تحصیل بانڈہ داود شاہ کے حلقہ پی ایف ۔40 میں اس رقم سے بجلی کے پول فراہم کئے گئے تھے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ فراہم کردہ پول اب بھی تاروں کے بغیر کھڑے ہیں؛

(د) اگر (الف) و (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت مذکورہ پولز پر تاریں ڈال کر لوگوں کو سہولت فراہم کرنے کے لئے اقدامات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): حسب رپورٹ فاٹا کنسٹرکشن ڈویژن بنوں جواب درجہ ذیل ہے۔

(الف) اسکا تعلق محکمہ خزانہ صوبہ سرحد سے ہے۔

(ب) بجلی کے پول واپڈا نے اپنے فنڈ سے مہیا اور نصب کئے تھے۔

(ج) یہ درست ہے کہ تاہم محکمہ واپڈا نے صوبے کے مختلف دیہات کے لئے فنڈز فراہم کئے ہیں۔ لہذا جن دیہات میں بجلی کی فراہمی کے لئے جزوی کام ہو چکا ہے مہیا کردہ فنڈ سے اس کام کو مکمل کیا جائے گا۔

(د) جیسا کہ جز (ج) میں بتایا گیا ہے۔

نوٹ :۔ واپڈا کے حکام کے مطابق متذکرہ کام میں تاخیر کی وجہ متعلقہ ٹھیکیدار اور واپڈا کے درمیان مقدمہ بازی ہے۔ اس سلسلے میں ٹھیکیدار نے واپڈا کے خلاف بلوں کی عدم ادائیگی کے لئے سینئر سول جج نوشہرہ کی عدالت میں مقدہ دائر کر رکھا ہے جبکہ واپڈا نے متعلقہ ٹھیکیدار کو (Blacklist) کرنے کے لئے عدالت سے رجوع کیا ہے۔ واضح ہو کہ مذکورہ ٹھیکیدار نے نوشہرہ کے علاوہ کرک میں بھی مندرجہ بالا کام کا ٹھیکہ لیا ہوا ہے۔

میاں نثار گل: احتجاجاً آج آٹھ مہینے میں نے بھی۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس یہی سوال پیش نہ کرنا، ایک سوال یہ احتجاج کے لئے کافی تھا۔ میرے خیال میں آئندہ کے لئے منسٹر صاحب کرک کا خاص خیال رکھیں گے۔ جناب میاں نثار گل صاحب سوال نمبر 754.۔

میاں نثار گل: میرے خیال میں یہ ایسا مسئلہ ہے۔ جو پورا ڈسٹرکٹ کرک کا ہے۔ جس میں میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ اس کے جز، ج، میں لکھا گیا ہے۔ کہ "یہ درست ہے تاہم محکمہ واپڈا نے صوبہ کے مختلف دیہات کے لئے فنڈز فراہم کئے ہیں لہذا جن دیہات میں بجلی کی فراہمی کے لئے ضروری کام ہو چکا ہے مہیا کردہ فنڈ سے اس کام کو مکمل کیا جائے"

جناب سپیکر! سن 1995 میں یہ پول لگے تھے، پورا ڈسٹرکٹ کرک میں، صرف پول ہیں اور نیچے انہوں نے لکھا ہوا ہے "نوٹ "واپڈا حکام کے مطابق متذکرہ کام میں تاخیر کی وجہ متعلقہ ٹھیکہ دار اور واپڈا کے درمیان مقدمہ بازی ہے۔ اس سلسلے میں ٹھیکہ دار نے واپڈا کے خلاف بلوں کی عدم آدائیگی کے لئے سینئر سول جج نوشہرہ کی عدالت مقدمہ دائر کر رکھا ہے۔ جبکہ واپڈا نے متعلقہ ٹھیکہ دار کو بلیک لسٹ کرنے کے لئے عدالت سے رجوع کیا ہے۔ واضح ہو کہ مذکورہ ٹھیکہ دار نے نوشہرہ کے علاوہ کرک میں بھی مندرجہ بالا کام کا ٹھیکہ لیا ہوا ہے" جناب سپیکر! 1995 سے ضلع کرک کا یہ مسئلہ ہے جس میں 19 گاؤں Involve ہیں۔ جن میں بجلی کے پول لگے ہیں۔ لیکن ابھی تک ان میں تاریں یا بجلی کا کرنٹ نہیں ملا ہے۔ میں اس ایوان سے استدعا کرتا ہوں ظفر اعظم صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ میرے خیال میں اس مسئلے کا حل بھی ہو گا اور بہت کافی جگہوں سے، یہ 1995 سے 2003 تک لوگ بے تابی سے بجلی کا انتظار کر رہے ہیں کہ کب ہمارے اس علاقے میں بجلی آئے گی تو یہ ٹھیکہ دار کا اور واپڈا کا مسئلہ ہے۔ لوگوں کا تو مسئلہ نہیں ہے، لوگ کدھر

جائیں۔ میں آپ سے استدعا کرتا ہوں کہ اس کے متعلق کوئی ٹھوس جواب ظفر اعظم صاحب ہمیں دے دیں کہ کرک کے جو باقی گاؤں ہیں جن میں ان کا حلقہ بھی شامل ہے وہ تو روشن ہو جائے Thank you very much۔

جناب سپیکر: ملک ظفر اعظم صاحب!

جناب ظفر اعظم (وزیر قانون): 1995 میں، اس زمانے میں تقریباً دو دو گاؤں ہر ممبر کی صوابدید پر ہوتے تھے، وہ Electrify ہو جاتے تھے۔ تو ہم نے ضلع کرک کے تقریباً 80% گاؤں کو بجلی اسی مد میں پہنچائی تھی اور اس میں بہت زیادہ گاؤں، میرے خیال میں ہمارے ڈسٹرکٹ کرک میں نہیں، بلکہ صوبہ سرحد میں بہت سارے گاؤں ایسے ہونگے اس زمانے کے کہ انکے پیسوں کا Deposit بھی اس وقت مکمل ہو چکا ہے۔ سب کچھ ادھر ہے لیکن جب پول لگ گئے تو پول لگنے کے بعد ہماری حکومت ختم ہو گئی۔ 1996 میں اور اس کے بعد ان پولوں پر تاریں بچھانا بند ہو گئیں۔ آفتاب خان شیر پاؤ کے پاس میں خود گیا ہوں اور اس بابت میں نے پوچھا تو انہوں نے یہاں پیسکو کے چیئر مین کے ساتھ بات کی ہے۔ اب چونکہ کیس عدالت میں اور جب کیس عدالت میں چلا جاتا ہے۔ تو اس بابت نہ ہم کچھ بول سکتے ہیں اور نہ، لیکن یہ ریکویسٹ ضرور کریں گے کہ لوگوں کو تکلیف بہت زیادہ ہے۔

ڈاکٹر محمد سلیم: سپیکر صاحب! زما یو ضمنی سوال دي

جناب سپیکر: جی ڈاکٹر صاحب!

ڈاکٹر محمد سلیم: په 1996 کښې خو زمونږ او د دوئ شریک حکومت ختم شو کنه او کار او دریدو په ځائې باندې، اوس خو دوباره بیا د دوئ حکومت راغلې دے خو خیر دے دغه تارونه د پرې خواره کړی کنه چې خلقو ته سهولت ملاؤ شی۔

جناب سپیکر: هغوی درته اووئیل چې فیډرل سبجکټ دې مطلب دا دے چې سکندر خان به پکښې خپل Good offices او څه دغه استعمال کړی او به شی ان شاء الله تعالیٰ۔

وزیر قانون: میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہماری گورنمنٹ نہیں، ہماری اور انکی مشترکہ گورنمنٹ ہے۔

جناب سپیکر: Next میاں نثار گل صاحب سوال نمبر 770۔

* 770 _ میاں نثار گل: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی اور وفاقی حکومتوں کے طرف سے ضلع کرک کو مختلف مدوں میں فنڈز فراہم کئے گئے ہیں؛

(ب) آیا فنڈز کی تقسیم کے لئے کوئی طریقہ کار وضع کیا گیا ہے؛

(ج) آیا مذکورہ فنڈز ناظم اعلیٰ کی صوابدید پر استعمال کیا گیا ہے۔ یا اسکے استعمال کرنے سے پہلے ضلع کونسل سے باقاعدہ منظوری لی گئی تھی؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو 14 اگست 2001 سے تاحال کتنا فنڈ کس کس مد میں یونین کونسل کی سطح پر خرچ ہوا۔ تاریخ وار تفصیل بمع ضلعی اسمبلی کی باقاعدہ منظوری کی تاریخ فراہم کی جائے؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): (الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ ضلعی حکومت کو صوبائی حکومت کی طرف سے مختلف مدات میں فنڈ فراہم ہوئے ہیں۔

(ب) جی ہاں ہر پروگرام کی تکمیل کے لئے فنڈز کے خرچ کا حکومت کا وضع کردہ طریقہ کار موجود ہے۔

(ج) سکیموں کی تکمیل پر مروجہ طریقہ کار کے مطابق فنڈز خرچ کئے گئے ہیں۔ اور متعلقہ فورم سے باقاعدہ منظوری لی گئی ہے۔

(د) اگست 2001 سے اب تک وصول کئے گئے فنڈز کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے اور حکومت کے وضع کردہ مدات میں باقاعدہ مجاز اتھارٹی کی منظوری لے کر ضلع کرک میں خرچ کئے گئے ہیں۔ فنڈز کی تقسیم یونین کونسل کی سطح پر نہیں بلکہ سکیم کی نوعیت کے مطابق خرچ ہوئے ہیں۔

سال 2001-2002

نمبر شمار	پروگرام / منصوبہ	جاری شدہ فنڈز	خرچ شدہ فنڈز (ملین میں)
01	خوشحال پاکستان پروگرام	45.598	45.598
02	سوشل ایکشن پروگرام	4.597	3.497
03	ایجوکیشن سیکٹر ریفارم	7.643	7.587

04	پریزیڈنٹ پروگرام	10.634	10.634

سال 2003-2002

نمبر شمار	پروگرام/منصوبہ	جاری شدہ فنڈز	خرچ شدہ فنڈز (ملین میں)
01	سپیشل خوشحال پاکستان پروگرام	2.000	2.000
02	مختلف سکولوں میں 41 اضافی کمروں کی تعمیر	13.842	13.842
03	پرائمری سکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی	12.808	12.808
04	ڈسٹرکٹ اے۔ڈی۔پی۔	23.176	6.231

مندرجہ بالا پروگراموں/ منصوبوں کی تفصیل۔

(مزید تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں)

جناب سپیکر: میاں صاحب! مطمئن یئې۔ جی نو وخت کم دے۔

میاں نثار گل: سپیکر صاحب! په دې دریو سوالونو کښې یئے ما ته Dodge راکړو نو دا خلورم هم نه وایمه۔ هسې وائی۔

جناب سپیکر: مهربانی! مطمئن یئے جناب سپیکر آوازیں: احتجاجاً مطمئن دے۔ سوال نمبر 813 منجانب مظفر سید صاحب ممبر صوبائی اسمبلی

* 813 _ جناب مظفر سید، کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات و دیہی ترقی میں مختلف محکموں سے گریڈ 11 تا 18 کے آفیسران مختلف آسامیوں پر تعینات کئے گئے ہیں;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ آفیسران اپنے بنیادی محکموں میں سنیارٹی برقرار رکھ کر سنیارٹی ترقی حاصل کرے ہیں;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ بلدیات نے اب تک PUGF افیسران کو کسی قسم کی ترقی نہیں دی ہے;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو!

(i) کیا دوسرے محکموں سے محکمہ بلدیات میں تعیناتی قانون ہے؛

(ii) کیا اس محکمہ بلدیات کی (PUGF) افسران کی حق تلفی نہیں ہوئی اور اس کے ساتھ ظلم و ناانصافی نہیں ہے؛

(iii) کیا محکمہ دیگر محکموں سے لیے گئے آفسران کی واپسی کرنے اور (PUGF) آفسران کو ترقی دینے کا ارادہ رکھتا ہے اور اگر رکھتا ہے تو کب تک؛

(iv) مختلف محکموں سے لائے گئے افسران کی تفصیل، نیز محکمہ بلدیات میں ترقی کے منتظر افسران کی گریڈ وائز فہرست / تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

<u>سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات):</u> (الف) جی ہاں۔ وہ اپنے مروجہ قوانین کے تحت ایسا کر سکتے ہیں۔

(ب)۔ یہ درست نہیں ہے۔ لوکل کونسل بورڈ اپنے افسران کو آسامیوں کی دستیابی پر قانون کے مطابق ترقیاں دے رہی ہیں۔

(ج) (i) ضرورت کے تحت عارضی طور پر ان ملازمین کو مستعار لیا جا سکتا ہے۔

(ii) یہ تاثر غلط فہمی پر مبنی ہے کیونکہ ترقی کے لیے عارضی طور پر لگائے ہوئے ملازمین سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

(iii) جی ہاں۔ اس کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ اور پروموشن کوٹہ پر حسب قوائد ان ملازمین کو ترقی دی جائے گی جس پر کام ہو رہا ہے۔

(iv) دوسرے محکموں سے لگائے گئے ٹی۔ ایم۔ او اور ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ طاہر محمد خان، ٹی ایم او ٹاؤن ٹو محکمہ ایڈمنسٹریشن۔

2۔ فضل قادر ٹی ایم او چارسدہ۔ سابقہ ڈی جی آفس بلدیات۔

3۔ سید اقبال شاہ ٹی ایم او ہری پور۔ سابقہ ڈی جی آفس بلدیات۔

4۔ راشد کمال ٹی ایم او ایبٹ آباد ڈی ایم جی گروپ۔

5۔ لطیف الرحمان ٹی ایم او مانسہرہ محکمہ ایڈمنسٹریشن۔

6۔جہانگیر جان ٹی ایم او تخت بھائی سابقہ ڈی جی آفس بلدیات۔

7۔ سخی جان ٹی ایم او کرک۔ سابقہ ڈی جی آفس بلدیات۔

8۔سید رحمان ٹی ایم او ڈگر سابقہ ڈی جی آفس بلدیات۔

9۔عبدالقادر ٹی ایم او پہاڑپور۔ سابقہ ڈی جی آفس بلدیات۔

10۔ محمد اسلم خان ٹی ایم او بالاکوٹ۔ سابقہ ڈی جی آفس بلدیات۔

11۔ ساجد گل ٹی ایم او درگئی۔ سابقہ ڈی جی آفس بلدیات۔

12۔ محمد فرید خان ٹی ایم او بٹگرام۔ سابقہ ڈی جی آفس بلدیات۔

13۔ نور الہی ٹی ایم او الائی۔ سابقہ ڈی جی آفس بلدیات۔

14۔ ملوک شاہ ٹی ایم او پٹن۔ سابقہ ڈی جی آفس بلدیات۔

15۔ محمد سہیل خان ٹی ایم او پشاور ٹاون تھری محکمہ ایڈمنسٹریشن۔

جناب مظفر سید: شکریه جناب سپیکر صاحب! په دیکښې زما ضمنی سوال دے۔ چې دوئ پکښې لیکلی دی چې" دوسرے محکموں سے مستعار لئے گئے آفیسرز کو یہاں پر لائے گئے ہیں" نو زما دا ضمنی سوال دے چې اوس خو په هغې محکمې کښې خپل خلق ډیر دی دا مستعار خلق به کله واپس کیږی؟ او دوئم ضمنی سوال مې دا دے چې د دے محکمې خپل خلق چې د هغوی پروموشن Due دے او هغه فی الحال روکاؤ دے نو د هغوی د پروموشن انتظام به دوئ کله کوی؟

جناب سپیکر: ملک ظفر اعظم صاحب ته اووایو سردار ادریس صاحب درته ذمه داری پریښودې ده نو۔

وزیر قانون: جی محکمہ بلدیات میں ضرورت کے تحت دوسرے محکموں کے لوگوں کو ایڈجسٹ کیا گیا تھا چونکہ میرے خیال میں تعداد چودہ کم و بیش آفیسرز کی ہوگی لیکن اب معزز رکن کو تسلی دیتا ہوں کہ PUGF کے تحت ہم ان آفیسرز کو واپس اپنے محکموں میں بھیج رہے ہیں اور جو متعلقہ آفسران محکمہ بلدیات کے ایمپلائز ہیں تو انکو پروموشن کا پورا پورا موقع مل سکے گا۔

جناب سپیکر: Next۔

جناب عبدالاکبر خان: سپلیمنٹری، سر!

جناب سپیکر: سوال د پاتې کیږی۔

جناب عبدالاکبر خان: نه جی سپلیمنټری دے ، دا ډیر اهم ، دا تاسو اوګورئی، دیکښې چار نمبر جز، -----

جناب سپیکر: خپل سوال دے پاتې کیږی۔

جناب عبدالاکبر خان: بس پاتې د شی۔

جناب سپیکر: بنه جی عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: دا جی تاسو چار نمبر ته اوګورئی په دیکښې لیکلئی دی"مختلف محکموں سے لائے گئے آفسران کی تفصیل، نیز محکمہ بلدیات میں ترقی کے منتظر افسران کی گریڈ وائز فہرست / تفصیل فراہم کی جائے" ړومبی خو یئے جواب راکړے دے خو د نیز نه پس خو جواب نشته جی۔

جناب سپیکر: جی ملک ظفر اعظم صاحب "نیز محکمہ بلدیات میں ترقی کے منتظر افسران کی گریڈ وائز فہرست / تفصیل بھی فراہم کی جائے"

وزیر قانون: دوسرے ورق پر آپ جائیں-----

جناب عبدالاکبر خان: دوسرا ورق ہے جی نہیں-----

جناب سپیکر: دوسرا ورق نہیں ہے۔

وزیر قانون: یہاں میرے پاس تو ہے-----

جناب سپیکر: ہمارے پاس تو نہیں ہے۔ وہ تو پڑھ کر سنائیں کہ بھئی کتنے ہیں؟

جناب عبدالاکبر خان: بس ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔

جناب مظفر سید: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: آئندہ کے لئے معلومات اور تفصیل پوری پوری مہیا کی جائے اس معزز ایوان کو۔ سوال نمبر 841، منجانب جناب جمشید خان صاحب رکن صوبائی اسمبلی۔(Absent) سوال نمبر 873، منجانب نثار صفدر خان، رکن صوبائی اسمبلی۔

* 873 _ جناب نثار صفدر خان: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں لوکل کونسلوں کے ملازمین محصول/ایکسپورٹ ٹیکس ختم ہونے سے سرپلس قرار دیئے گئے تھے؛

(ب) اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) صوبہ بھر میں لوکل کونسلوں کی کل کتنے ملازمین محصول/ایکسپورٹ ٹیکس وغیرہ کی ختم ہونی سے سرپلس ہوئے، لوکل کونسل وائیز تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) 1999 تا حال کل کتنے ملازمین کو دوبارہ ایڈجسٹ کیا گیا ہے لوکل کونسل کی سطح پر تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز حکومت نے مذکورہ ملازمین کی ایڈجسٹمنٹ کیلئے کیا لائحہ عمل اختیار کیا ہے؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): (الف) ہاں یہ درست ہے۔ محصول اور ضلع ٹیکس ختم ہونے پر محصول اور ضلع ٹیکس کے ملازمین وقتی طور پر سرپلس قرار دیئے گئے تھے۔

(ب) صوبہ بھر میں 1609 محصول اور ضلع ٹیکس کے ملازمین سرپلس ہوئے تفصیل لف ہے۔

(i) 1087 ملازمین ابھی تک ایڈجسٹ کئی گئے ہیں تفصیل لف ہے باقی ملازمین کی ایڈجسٹمنٹ کیلئے کوشش جاری ہے۔

نمبر شمار	نام تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن	زائد عملہ	کھپایا گیا عملہ	بقایا زائد عملہ
1	ٹاؤن ون پشاور	65	65	نہیں
2	ٹاؤن ٹو پشاور	66	66	نہیں
3	ٹاؤن تھری پشاور	60	60	نہیں
4	ٹاؤن فور پشاور	63	63	نہیں

5	سوات	33	33	نہیں
6	چارسدہ	107	107	نہیں
7	ٹل	17	نہیں	17
8	بنوں۔ٹو	85	72	13
9	بٹگرام	6	6	نہیں
10	ٹانک	15	نہیں	15
11	نوشہرہ	15	نہیں	15
12	پہاڑپور	95	95	نہیں
13	ڈگر	17	17	نہیں
14	دوآبہ	9	9	نہیں
15	تخت نصرتی	17	17	نہیں
16	غازی	3	3	نہیں
17	مانسہرہ	45	25	20
18	بٹ خیلہ	21	21	نہیں
19	تخت بھائی	25	23	2
20	صوابی	116	61	55
21	لاچی	11	نہیں	11
22	ٹانک۔ٹو	62	نہیں	62
23	بنوں۔ون	35	8	27
24	ہری پور	42	15	27
25	کوہاٹ	64	6	27
26	تیمرگرہ	16	13	58

27	ڈی آئی خان	99	نہیں	3
28	تنگی	32	18	99
29	جہانگیرہ	22	22	14
30	حویلیاں	8	3	نہیں
31	کرک	16	16	5
32	درگئی	15	15	نہیں
33	ہنگو	30	30	نہیں
34	اکوڑہ خٹک	16	16	نہیں
35	ڈسٹرکٹ بنوں	35	8	نہیں
36	ایبٹ آباد	50	13	27
37	دیر	10	10	37
38	الپوری	12	12	نہیں
39	امان گڑھ	20	20	نہیں
40	لاہور	13	9	4
41	مردان	26	26	نہیں
42	مٹہ	9	9	نہیں
43	بنوں۔ٹو	86	75	11
	کل	1609	1087	522

جناب نثار صفدر خان: میں مطمئن ہوں جی۔

جناب سپیکر: مطمئن ئے۔ Thank you.

جناب نثار صفدر خان: جی۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ سوال نمبر876، منجانب جناب گورسرن لال، رکن صوبائی اسمبلی۔ (Absent, it lapses)۔ سوال نمبر878، منجانب جناب عبدالاکبر خان صاحب، رکن صوبائی اسمبلی۔

* 878 _ جناب عبدالاکبر خان: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اپر دیر ضلع ناظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد پاس ہوئی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ نے عدم اعتماد کے دوسرے مرحلے کیلئے 15 نومبر 2003 کی تاریخ مقرر کی تھی؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ یکطرفہ طور پر 15 نومبر کی تاریخ تبدیل کر کے 30 اکتوبر مقرر کر دی گئی؛

(د) اگر (ا) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا محکمہ کا یہ اقدام بدنیتی پر مبنی اور غیر قانونی ہے۔ آیا حکومت ان ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ جنہوں نے مذکورہ غیر قانونی قدم اٹھایا ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): (الف) ضلع ناظم دیر بالا کے خلاف تحریک عدم اعتماد مورخہ 2-10-2003 کو پیش کیا گیا (نقل چھٹی نمبری 633/DNNS/Requisition مورخہ 26-9-2003 اور نمبر 609-632 مورخہ 24-9-2003 ہیں)۔ کنوینر ضلع کونسل نے اجلاس برائے رائے شماری مورخہ 3-10-2003 کو طلب کیا (نقل چھٹی نمبری 646-47 مورخہ 2-10-2003 لف ہے) لیکن اجلاس منعقدہ 3-10-2003 میں خفیہ رائے شماری عمل میں نہیں لائی گئی۔ تاہم کنوینر ضلع کونسل نے تحریک عدم اعتماد کو کامیاب قرار دینے کا اعلان کیا (نقل چھٹی نمبری 652-58/DNNS مورخہ 3-10-2003 لف ہے)

(ب) یہ درست ہے۔ محکمہ بلدیات و دیہی ترقی صوبہ سرحد نے نوٹس جو کہ دفتر ھذا کو حوالہ چھٹی نمبری PEA/Int:Rec/Dir (U)/2003/4294 مورخہ 20 اکتوبر 2003 وصول ہوئی عدم اعتماد کے دوسرے مرحلے کیلئے 15 نومبر کی تاریخ مقرر کی تھی۔

(ج) ضلع رابطہ آفیسر دیر بالا/ریٹرننگ آفیسر نے صوبائی حکومت کو درخواست کی (نقل چھٹی نمبری 7068/DCO/IRC مورخہ 25-10-2003 لف ہے) کہ رمضان المبارک کے پیش نظر

مذکورہ تاریخ کو تبدیل کرکے ترجیحا 30-10-2003 رکھی جائے تو زیادہ مناسب ہوگا۔ لہذا صوبائی حکومت نے حوالہ چھٹی نمبری PEA/INTERNAL/2003 مورخہ 27-10-2003، 30 اکتوبر مقرر کی (نقل لف ہے)۔

(د) محکمہ کا یہ اقدام نہ تو بدنیتی پر مبنی ہے اور نہ غیر قانونی ہے۔ لہذا کسی بھی اہلکار کے خلاف کسی قسم کی کارروائی کو کوئی جواز نہ بنتا ہے۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: سپلیمنٹری۔ کیا وزیر صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ جو پہلے Date مقرر کی گئی تھی تو ان کو پتہ نہیں تھا کہ رمضان میں، میں یہ مقرر کر رہا ہوں اور کیا رمضان میں الیکشن نہیں ہو سکتے؟

<u>جناب سپیکر</u>: جی منسٹر صاحب۔

<u>وزیر قانون</u>: یقیناً رمضان میں الیکشن ہو سکتے ہیں لیکن چونکہ زیادہ تر تفصیل اسکی میرے پاس نہیں ہے، اگر وزیر صحت صاحب۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>جناب عنایت اللہ (وزیر صحت)</u>: جناب سپیکر! ان سے اتفاق ہے کہ رمضان میں بہر حال الیکشن ہو سکتا ہے، اس مین اس قسم کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ انہوں نے ایک مہینہ دیا تھا اور پھر ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن آفیسر اور ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی طرف سے ریکوئسٹ آئی کہ چونکہ روایت یہ ہے کہ بلدیاتی نظام میں جس ناظم کی خلاف ضلع کونسل میں Resolution move ہوتا ہے، پھر کونسلز تک جانے کیلئے ان کی یہ روایت رہی ہے۔ کوہاٹ میں تین دن دیئے گئے، مختلف جگہوں پر تین دن دیئے گئے تو اس لئے ان دو وجوہات کی وجہ سے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر صاحب مطلب یہ ہے کہ انہوں نے Written یہ لکھا کہ ایک تو رمضان ہے اور پوری رات پھر رمضان میں لوگ Campaign چلائیں گے اور ڈسٹرب ہونگے، رمضان میں لوگ ڈسٹرب ہونگے اس لئے انہوں نے۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: میرے خیال میں مطمئن ہیں عبدالاکبر خان صاحب،

<u>وزیر صحت</u>: بلکہ ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن آفیسر۔۔۔

جناب سپیکر: مطمئن ہیں، مطمئن ہیں۔ سوال نمبر 900، منجانب جناب امانت شاہ صاحب، رکن صوبائی اسمبلی۔

* 900 _ جناب امانت شاہ: کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مردان میں طورو کالج تا مرہٹی سڑک کھنڈرات کا نمونہ پیش کر رہا ہے;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سڑک پر تمام زمیندار اپنی فصل وغیرہ منڈی لے جاتے ہیں;

(ج) اگر(الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ سڑک کو کب تک تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

سردار محمد ادریس(وزیر بلدیات): (ا) ہاں۔

(ب)ہاں۔

(ج) ٹی ایم اے مردان کی مالی حیثیت کمزور ہے۔ لہذا اپنے وسائل سے مذکورہ سڑک کی تعمیر کرنا ناممکن ہے۔ ہاں اگر صوبائی حکومت یا متعلقہ ایم پی اے اپنی صوابدیدی فنڈ سے رقم مختص کریں تو ٹی ایم اے کا عملہ اس سلسلے میں فنی اور انتظامی دونوں قسم کا تعاون کرنے کو تیار ہے۔

جناب سپیکر: مطمئن ہے؟

مولانا امانت شاہ: یره جی دا خو ډیر اهم سوال دے۔

جناب سپیکر: جی۔

مولانا امانت شاہ: او دیکښې دا ده چې دا روډ دوئ دا لیکلی دی چې بالکل کهنډراتو نمونه پیش کوی جی۔ بیا په دې د خلقو تګ راتګ هم ډیر زیات دے خو جواب کښې ئے دا لیکلی دی چې "ٹی ایم اے مردان کی مالی حیثیت کمزور ہے، لہذا اپنے وسائل سے مذکورہ سڑک تعمیر کرنا ناممکن ہے"

جناب سپیکر: جی، ملک صاحب۔

جناب امانت شاہ: نو زه به دا اووائم جی چې ټی ایم اے سره که فنډ نشته نو صوبائی حکومت نور فنډونه هم شته دے جی، د هغې نه د ورته څه لږ غوندې فنډ مختص

کړی جی او آئنده اے ډی پی کبنې د خیر دے ، دا شامل کړی نو ان شاء اللہ په هغې روډ باندې به د خلقو دا تګ راتګ آسان شی۔

جناب سپیکر: جناب ملک صاحب،

وزیر قانون: مولانا امانت شاہ صاحب نے بڑے اچھے پوائنٹ کی طرف ہماری توجہ دلائی ہے۔ان شاءاللہ Next ADP میں ہم اس کو شامل کرینگے۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

623 _ سید مرید کاظم شاہ: کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے پاس سال 03-2002 میں لاکل فنڈز اور صوبائی ڈسٹرکٹ فنڈز کتنا تھا;

(ب) آیا مذکورہ فنڈز سے ترقیاتی اسکیموں کی منظوری اسمبلی سے الگ الگ لی گئی تھی;

(ج) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ہر سکیم کا نام، اسمبلی سے منظوری کی تاریخ، ٹھیکیدار کا نام، تاریخ ٹینڈر اور جن قومی اخبارات میں ٹینڈر کا اشتہار دیا گیا تھا کی تفصیل فراہم کی جائے؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): (الف) ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو سال 03-2002 میں ڈسٹرکٹ لوکل فنڈز میں مبلغ -/3,690,000 روپے ملے۔ اور صوبائی ڈسٹرکٹ فنڈز میں مبلغ -/154,477,000 روپے ملے۔

(ب)۔ جی ہاں، ترقیاتی سکیموں کی منظوری لی گئی تھی جو Flag-A پر موجود ہے۔

(ج) (i)۔ ترقیاتی سکیموں کی تفصیل Flag-B پر موجود ہے۔

(ii)۔ ٹھیکیداروں کے نام Flag-C پر موجود ہیں۔

(iii)۔ تاریخ ٹینڈر اور قومی اخبارات کے نام Flag-D پر موجود ہیں۔

663 _ جناب عتیق الرحمان: کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہنگو بس سٹینڈ شہر کے وسط میں ایک چھوٹی سی جگہ پر ہے;

(ب) آیا یہ درست ہے 96-1995 میں ڈپٹی کمشنر ہنگو نے سرکاری اراضی پر بس سٹینڈ کی منتقلی کی غرض سے کاغذات بغرض منظوری صوبائی حکومت کو ارسال کئے تھے;

(ج) اگر(ا) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت بس سٹینڈ کو مذکورہ سرکاری اراضی پر بنانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

سردار محمد ادریس(وزیر بلدیات): (الف) ہاں یہ درست ہے۔

(ب) سرکاری اراضی جو محکمہ زراعت کی ملکیت ہے اور موجودہ اڈے کے بالکل پیوست ہونے کے ساتھ نامناسب بھی ہے۔ لہذا صوبائی حکومت نے ڈپٹی کمشنر کی تجویز سے اتفاق نہیں کیا۔

(ج) ضلع حکومت لاری اڈہ کو شہر سے 1.5 کلو میٹر دور منتقل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ جو سٹیٹ لینڈ اور اس اراضی کے ملحقہ سبزی منڈی جوڈیشل کمپلیکس، ڈسٹرکٹ جیل ڈی ایچ کیو ہسپتال اور پولیس لائن کے لئے بھی یہ جگہ مختص کی گئی ہے۔ اور نہایت موزوں ہے۔ تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن ہنگو کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ سبزی منڈی اور اڈے کے لئے متعلقہ حکام سے رجوع کریں۔

733 _ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلعی حکومت ڈیرہ اسماعیل خان کو ضلعی نظام کے آغاز (14 اگست 2001) سے اب تک مرکزی و صوبائی حکومت اور پرانے ڈسٹرکٹ کونسل فنڈز سے رقوم حوالے کی گئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(1)۔ مرکزی و صوبائی حکومت اور پرانے ڈسٹرکٹ فنڈز سے ضلعی حکومت کو سال 02-2001 اور سال 2002-03 کیلئے کتنی رقم ملی ہے؛

(2)۔ مندرجہ بالا رقوم ضلعی حکوت ڈیرہ اسمائیل خان نے کس حساب سے خرچ کیں، ان کی سکیم وائز تفصیل بتائی جائے اور آیا ترقیاتی مد میں صرف شدہ رقم کا استعمال باقاعدہ گورنمنٹ کنٹریکٹر کی ذریعے عمل میں لایا گیا ہے؛

(3)۔ اگر ترقیاتی کام گورنمنٹ کنٹریکٹر نے کئے ہیں تو ٹھیکیدار کا نام اخبار مین ٹینڈر کا اشتہار اور ٹھیکیدار کے نام الاٹ کئے گئے، ٹھیکہ کی تفصیل برائے سال 02-2001 اور سال 2002-03 فراہم کی جائے؛

(4) مذکورہ بالا ترقیاتی کام مرکزی حکومت یا صوبائی حکومت یا کہ پرانے ڈسٹرکٹ کونسل فنڈز میں سے تھے؛

(5) آیا مذکورہ فنڈز کی منظوری ضلع کونسل ڈیرہ نے دی تھی تو کس کس تاریخ کے اجلاس میں ضلع کونسل نے یہ منظوری دی ہے، تاریخ کے مطابق تفصیل فراہم کی جائے؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): (الف) جوابات اثبات میں ہے۔

(1)۔ مرکزی وصوبائی حکومت اور پرانے ڈسٹرکٹ کونسل کو جو رقم ملی اس کی تفصیل اس طرح ہے۔

(i) مرکزی حکومت:

سال 02-2001۔ 37,616,000/- روپے۔

سال 03-2002۔ 3,680,000/- روپے۔

(ii) صوبائی حکومت:

سال 2002-2001، 154,477,000/- روپے۔

سال 2003-2002، 154,477,00/- روپے۔

(i) پرانے ڈسٹرکٹ کونسل فنڈز۔

سال 2002-2001، 83,987,000/- روپے۔

سال 2003-2002، 3,690,000/- روپے۔

(2) ترقیاتی مد۔

(i) سال 2002-2001، 172,668,000/- روپے۔

(ii) سال 2003-2002، 73,445,000/- روپے۔

جی ہاں۔ ترقیاتی مد میں خرچہ باقاعدہ گورنمنٹ کنٹریکٹر کے ذریعے ہوا۔ ان ترقیاتی کاموں کی اسکیم وائز تفصیل Flag-A پر ہے۔

(2) (i) ٹھیکیداروں کے نام Flag-B میں ہیں۔

(ii) ٹھیکوں کی تفصیل Flag-C پر ہے۔

(iii) اخباروں کے اشتہاروں کی تاریخ Flag-D پر ہے۔

(3) مذکورہ بالا ترقیاتی کام مرکزی حکومت وصوبائی اور پرانے ڈسٹرکٹ فنڈز سے ہوئے تھے۔

(4) جی ہاں۔ مذکورہ فنڈز کی منظوری ضلع کونسل سے لی گئی تھی جس کی تفصیل Flag-E پر ہے۔

841 _ جناب جمشید خان: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات و دیہی ترقی نے دیگر محکموں سے افسران لا کر محکمہ بلدیات میں گریڈ 11 سے گریڈ 18 تک مختلف (PUGF) آسامیوں پر تعینات کئے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ افسران اپنے بنیادی محکموں میں سنیارٹی برقرار رکھتے ہوئے ترقیاں حاصل کر سکتے ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ بلدیات نے اب تک (PUGF) افسران کو کسی قسم کی ترقی نہیں دی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) آیا دوسرے محکموں کے افسران کو محکمہ بلدیات میں تعینات کرنا قانونی ہے؛

(ii) آیا حکومت دوسرے محکموں سے لائے گئے افسران کی واپسی اور محکمہ بلدیات کے (PUGF) افسران کو ترقی دینے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(iii) محکمہ بلدیات میں دوسرے محکموں سے لائے گئے افسران کی تفصیل بمعہ محکمہ بلدیات میں ترقی کے منتظر افسران کی گریڈ وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): (الف) جی ہاں اپنے مروجہ قوانین کے تحت وہ ایسا کر سکتے ہیں۔

(ب) یہ درست نہیں ہے۔ لوکل کونسل بورڈ اپنے افسران کو آسامیوں کی دستیابی پر قانون کے مطابق ترقی دے رہی ہے۔

(د) (i) ضرورت کے تحت عارضی طور پر دوسرے محکموں کے ملازمین کو مستعار لیا جا سکتا ہے۔

(ii) لوکل کونسل بورڈ اپنے افسران کو آسامیوں کی دستیابی پر قانون کے مطابق ترقی دی ہے نیز مزید جائزہ لیا جا رہا ہے اور پروموشن کے کوٹہ پر حسب قواعد ان کو ترقی دی جائیگی۔

(ii) دوسے محکموں سے لائے گئے افسران کی تفصیل ذیل ہے:

1۔ طاہر محمد خان، ٹی۔ ایم او ٹاؤن ٹو محکمہ ایڈمنسٹریشن۔

2۔ فضل قادر، ٹی۔ایم۔او، چارسدہ۔ سابقہ ڈی.جی آفس بلدیات۔

3۔ سید اقبال شاہ، ٹی۔ایم او، ہری پور سابقہ ڈی.جی آفس بلدیات۔

4۔ راشد کمال، ٹی۔ایم۔او، ایبٹ آباد، ڈی۔ایم۔جی گروپ۔

5۔ لطیف الرحمان، ٹی۔ایم۔او مانسہرہ محکمہ ایڈمنسٹریشن۔

6۔ جہانگیر خان، ٹی۔ایم۔او تخت بھائی سابقہ ڈی۔جی آفس بلدیات۔

7۔ سخی جان، ٹی۔ایم۔او، کرک۔ سابقہ ڈی.جی آفس بلدیات۔

8۔ سید رحمان، ٹی۔ایم۔او ڈگر۔ سابقہ ڈی.جی آفس بلدیات۔

9۔ عبدالقادر، ٹی۔ایم۔او، پہاڑپور۔ سابقہ ڈی.جی آفس بلدیات۔

10۔ محمد اسلم خان، ٹی۔ایم۔او، بالاکوٹ۔ سابقہ ڈی.جی آفس بلدیات۔

11۔ ساجد گل، ٹی۔ایم۔او، درگئی۔ سابقہ ڈی.جی آفس بلدیات۔

12۔ محمد فرید خان، ٹی۔ایم۔او بلگرام۔ سابقہ ڈی.جی آفس بلدیات۔

13۔ نورالہی، ٹی۔ایم۔او، الائی۔ سابقہ ڈی.جی آفس، بلدیات۔

14۔ ملوک شاہ، ٹی۔ایم۔او بٹنڈ سابقہ ڈی.جی آفس بلدیات۔

15۔ محمد سہیل خان، ٹی۔ایم۔او، پشاور ٹاؤن تھری۔ محکمہ ایڈمنسٹریشن۔

876 _ جناب گورسرن لال: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات نے مختلف محکموں سے افسران ڈیپوٹیشن پر لا کر گریڈ 11 سے گریڈ 18 تک مختلف (PUGF) آسامیوں پر تعینات کئے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ افسران اپنے متعلقہ محکموں سے ترقیاں بھی حاصل کر رہے ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ لوکل کونسل بورڈ نے اب تک لوکل کونسل کے افسران کو کسی قسم کی ترقی نہیں دی ہے؛

